لوحِ قرآنی
سے دنیاوی مصائب ومشکلات کا سو فیصدی حل
پیر السید علی حسین شاہ

لوحِ قرآنی

سے دنیاوی مصائب و مشکلات کا سو فیصدی حل

السید علی حسین شاہ

حیدر پبلی کیشنز

۳۸۔غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور فون : 7223842
E-Mail : haiderpublication@hotmail.com

فہرست

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

یہ کتاب اس ہستی کے نام جو تمام کائنات کا مالک اور سارے جہان کا وحدہ لاشریک ہے۔ یہ اسی کی کرم نوازی ہے جس نے مجھے اس قابل سمجھا کہ میں عوام الناس میں اس کی کلام کو ایسے طریقہ سے پھیلاؤں جو ان کی دنیاوی مصیبتوں میں حل المشکلات جیسا مسیحا بن کر ان کی مشکلات کا خاتمہ کریں اور زیادہ سے زیادہ اللہ کا قرب حاصل ہونے کے بعد ثواب ونیکیاں بے شمار ملیں اور بے شک یہ اسی ذات کی پاک کلام ہی ہوسکتی ہے جو سارے جہان کا مالک ورب ہے۔ ہمیشہ کی طرح یہ انمول کتاب بھی کسی نقل یا تعریف کی محتاج نہیں کیونکہ آج سے پہلے تاریخ میں اس موضوع پر کبھی کوئی کتاب نہیں لکھی گئی یہی اس بات کا سب سے بڑا ثبوت ہے کہ یہ کتاب بھی اپنی نوعیت کی منفرد کتاب ہے جس میں تمام کے تمام نسخہ جات بالکل اصل اور درست ہیں جو سینے کے راز ہیں۔ کتاب میں سے وہی افراد مستفیض ہوسکیں گے جو اپنی زندگی میں دوسروں کاموں میں کامیاب ہونے کیلئے کافی محنت کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کی محنت اور لگن دیکھتے ہوئے انہیں دنیا کے کسی بھی میدان میں ہارنے نہیں دیتا بالکل اسی طرح کتاب میں لکھے گئے نسخہ جات بالکل درست ہوتے ہیں۔ لیکن انہیں ٹھیک یا غلط خود عمل کرنے والے افراد کرتے ہیں۔ اس لئے کتاب میں سے مشکلات کا حل نکالنے کیلئے زیادہ سے زیادہ محنت کریں اور کامیابی حاصل کریں۔

السید علی حسین شاہ سجادہ نشین

حضرت پیر السید محمد شاہ

خواص لوح قرآنی

اگر کوئی حروف مقطعات کا عامل بننا چاہے اور اس کے ذریعے دنیاوی معاملات میں سو فیصدی کامیابی اختیار کرنا چاہے اپنے اوپر اللہ کی رحمت برسوانا چاہے اور کسی کیلئے دعا کرے تو فوراً زبان سے نکلتے ہی قبول کرنے کیلئے آگے لکھی گئی آیات کو سوالاکھ کی تعداد میں ایسے ہی پڑھے جیسے آگے لکھی ہیں پرہیز جلالی و جمالی ضرور کرے اللہ کے حکم سے ان قرآنی حروف کا عامل بنے گا اور بعد عامل بننے کے جو کچھ بھی رونما ہوگا اس کے متعلق اسے آگاہی ہوگی پرہیز جلالی و جمالی سیکھنے اور عمل کا عامل بننے کیلئے میری کتاب شرائط چلہ کا مطالعہ کرے اور اس میں لکھے گئے نسخہ جات پر عمل کرے اللہ کے حکم سے اسے ضرور بر ضرور کامیابی ہوگی۔ اور ان کا عامل بن جائیگا۔ اس کے علاوہ اگر کوئی ان حروف کا عامل نہ بھی بننا چاہے اور اسے دنیاوی یا دینی معاملات میں استعمال کرنا چاہے جس سے کوئی بھی مقصد ضرور پورا ہو تو سب سے پہلے چالیس دنوں تک بغیر کسی پرہیز کے صرف اپنی آنکھوں اور شرم گاہ کو بچائے اور آگے لکھی گئی آیات کو روزانہ بعد نماز عشاء چالیس مرتبہ پڑھے اور اپنے پاس پانی ضرور رکھے چالیس مرتبہ پڑھ لینے کے بعد اس پانی کو پی لیا کرے چالیس دنوں کے بعد زبان کے اندر ایسی تاثیر پیدا ہوگی کہ جس کام کیلئے دعا کریگا اللہ تعالیٰ ضرور پوری فرمائیگا۔ لیکن اس عمل کا ذکر کسی سے بھی نہ کرے اور تب تک اسے روزانہ چالیس مرتبہ پڑھتا رہے جب تک سوالاکھ کی تعداد پوری نہ ہو جائے اس عمل کو کوئی بھی فرد کر سکتا ہے اور اس میں کھانے پینے کی کوئی پرہیز نہیں ہے صرف اپنی شرم گاہ اور نظروں کو ضرور بچائے اور کھانے میں کوئی بھی بد بودار شے کا استعمال کسی بھی صورت نہ کرے اگر سوالاکھ کی تعداد پوری

ہو جائے یا چالیس دنوں کے بعد اپنے اعمال شروع کر دے تو ہرگز ہرگز کسی سے بھی اس کا ذکر نہ کرے اور نہ ہی کسی دوسرے کو اس کے پڑھنے کی اجازت دے کیونکہ اس سے جتنے دن خود محنت کی ہوگی وہ سب اس کے پاس چلی جائیگی اور کسی کو ویسے ہی بتا دینے سے زبان سے اس کا اثر ختم ہو جائیگا۔ بعد ان ہدایات پر عمل کرنے اور اس میں کامیاب ہونے کے ہر تکلیف و بیماری سے نجات کیلئے سات مرتبہ سادے پانی پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور مریض کو پلائے اللہ اسے وقت شفاء سے نوازے گا اگر کوئی رات کو سوتے ہوئے ڈرتا ہو یا اسے کوئی ہوائی چیز ڈراتی ہو تو کالی ڈوری پر ایک ایک مرتبہ پڑھ کر سات گرھیں لگائے اور گلے میں پہنائے کوئی بھی ہوائی شے یا کوئی غیر انسانی مخلوق پاس بھی نہیں آئیگی۔ آسیب اور غیر انسانی مخلوق کے خاتمے کیلئے انہی آیات کو سات مرتبہ مریض کو اپنے سامنے بٹھا کر پڑھے اور اس پر پھونکیں مارے اس عمل کو تین دن یا پانچ دن کرے غیر انسانی مخلوق کا خاتمہ ہوگا۔ کسی سے جائز حب پیدا کرنے کیلئے سادہ سرمے کی ثابت ڈلی پر انہی آیات کو اکتالیس مرتبہ بعد نماز فجر اپنے محبوب کا کامل تصور باندھ کر پڑھے اور اس ڈلی کو کھرل میں پیسے اور اسے اپنی آنکھوں میں دیا سلائی کی مدد سے لگا کر محبوب کے روبرو جائے وہ محبت سے پیش آئیگا۔ کسی سے جائز ضرورت پوری کروانے کیلئے انہی آیات کو اس کا کامل تصور باندھ کر بعد نماز عشاء چالیس مرتبہ پڑھے اور اسے تصور میں ہی دم کر دے وہ اس کے حق میں زیر ہوگا۔ اور جائز خواہش ضرور پوری کریگا اس کے علاوہ اس کا کثرت کے ساتھ دم کیا ہوا پانی مریضوں کو پلانا باعث شفاء ہے اور غیر انسانی مخلوقات سے محفوظ رہنے کیلئے کالی ڈوری پر اس کو پڑھ کر گرہیں لگانے سے کامیابی ضرور ملتی ہے اگر کوئی بھی اس کا عمل کریگا تو اسے اور بھی بہت کچھ معلوم ہوگا۔ دیگر اعمال آگے دیکھئے۔

کشش چہرہ

اگر کوئی اپنے چہرے میں زبردست قسم کی کشش پیدا کرنا چاہے تو اس عمل کو کرے اللہ کے حکم سے جو کوئی بھی دیکھے گا وہ حیران ہوگا۔ روزانہ بعد نماز فجر دعا کے بعد مصلے پر بیٹھ کر اپنی آنکھیں بند کرے اور گلاب کا عرق چینی کی پیالی میں اپنے پاس رکھے اگر خواتین اس عمل کو کریں تو اپنے سر کو ضرور ڈھانپیں اور اگر مرد اس عمل کو کرے تو ننگے سر اس عمل کو کرے اپنے ہاتھوں کو دعا مانگنے والے انداز میں اپنے سامنے رکھے اور ان حروف کو آہستہ آہستہ ایسے اپنی زبان سے نکالے (ح م ع س ق اور ک ھ ی ع ص) ایک مرتبہ اس کو پڑھ لینے کے بعد عرق کی پیالی پر دم کرے اور اس عمل کو اپنی آنکھوں کو بند رکھتے ہوئے کم از کم ایک گھنٹہ کرے پھر سب سے آخر میں اس عرق کی پیالی میں سے تھوڑا سا عرق نکال کر اپنے چہرے پر ملے اور جو باقی بچے اس کو پی لے اللہ کے فضل سے چہرے پر قوت انگیز کشش پیدا ہوگی۔

دانے و سرخ نشان

اگر کسی کے چہرے پر سرخ رنگ کے دانے نکلتے ہوں یا دانوں سے چہرے پر نشان پڑ گئے ہوں یا چہرہ بھدا ہو ان سب کے خاتمے اور اس میں کشش پیدا کرنے کیلئے پیپل کے پتے لائیں جائیں لیکن پتے خشک ہونے چاہئیں روز ایک پتے کو صبح نہار منہ اپنے چہرے پر پانچ منٹ تک پھیرے اور اس عمل کے دوران ح م ع س ق اور ک ھ ی ع ص کو اوپر والے عمل کے مطابق دھرائے اور اس پتے پر دم کر کے اسے دھکے ہوئے ایک کوئلے کے ٹکڑے پر رکھ کر اس کی دھونی اپنے منہ کو دے اس عمل کو سات دنوں تک مسلسل کیا جائے ہر نشان و دانے کا جڑ سے خاتمہ ہوگا۔

سخت سے سخت مصیبت دور

اگر کوئی ایسی مصیبت میں مبتلا ہو جائے جس سے کوئی بھی کام نہ آرہا ہو یا دنیاوی کوئی بھی کام سیدھا نہ ہوتا ہو ہر طرف سے مصیبتوں نے گھیراڈالا ہو تو ان آیات کو صبح بعد نماز فجر اور رات کو بعد نماز عشاء ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے اور اللہ سے دعا کرے اللہ تعالیٰ اس پاک کلام کے بدلے میں ضرور ان مصائب سے چھٹکارہ دلوائیگا جس میں کوئی بھی پھنس چکا ہوگا۔

سختی و مصیبت

دنیا جہاں کی مصیبتوں و پریشانیوں سے دور رہنے اور اللہ کی کامل رحمت کی اپنے اوپر ہر وقت بارش برسوانے کیلئے ان آیات کو روزانہ کسی بھی وقت میں کم از کم گیارہ مرتبہ پڑھے یا ہر فرض نماز کے بعد ان کو گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اللہ کے حکم سے زندگی گذارنے میں راحت و آسانی پیدا ہوگی۔

غم دور

ہر طرح کے دکھ، تکلیف اور دنیاوی غموں کو دور کرنے کیلئے ان آیات کو روزانہ پاک وصاف مقام پر بعد نماز عشاء ایک تسبیح پڑھنے کا معمول بنالے اللہ کے حکم سے کوئی بھی دکھ و غم نزدیک نہیں آئیگا۔

پوشیدہ حالات

ہر قسم کی بات کے متعلق استخارے والے انداز میں پتہ لگانے اور مخفی باتوں کے معلوم کرنے کیلئے ان آیات کو رات کو سونے سے پہلے ایک تسبیح پڑھ کر سو جائے اور جس بات کا پتہ لگانا ہو اس کا تصور باندھے صحیح معلوم ہوگا۔

برے خواب

برے خوابوں کی آمد اور ڈر و خوف سے دور رہنے کیلئے ان آیات کو روزانہ رات کو سونے سے پہلے پانچ مرتبہ پڑھ کر سو جائے اور اپنے ہاتھوں پر دم کر کے انہیں اپنے منہ پر پھیر لیا کرے کوئی بھی برا خواب یا ڈر و خوف نزدیک نہیں آیئگا۔

ترقی دینی و دنیاوی

دینی و دنیاوی طور سے ہر طرح کی ترقی اور دنیاوی کاموں میں ہر طرح سے فتح حاصل کرنے کیلئے ان آیات کو روزانہ تہجد کے وقت بعد نوافل کے گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اور اس کا ذکر کسی سے بھی مت کرے اللہ کے حکم سے دینی و دنیاوی طور پر جو کوئی بھی کام ہو اس میں ہر طرح سے فتح ہوگی اور اگر کوئی رکاوٹ یا پریشانی آڑے آتی ہوگی تو اس کا غیبی مدد سے توڑ ہوگا۔

ہر پریشانی دور

دنیاوی ہر قسم کی پریشانی کو اپنے پاس سے دور کرنے اور ہر کام میں فتح حاصل کرنے کیلئے ان آیات کو روزانہ اکیس مرتبہ بعد نماز عصر پڑھے اور اس کا باقاعدگی سے معمول باندھے اللہ اپنی کامل رحمت برسایئگا۔

ہر دعا قبول

ہر دعا کی قبولیت اور ہر کام میں فتح حاصل کرنے کیلئے ان آیات کو روزانہ ایک مخصوص وقت میں پاک وصاف کپڑے اور مقام پر پانچ سو کی تعداد میں پڑھے اور اللہ سے اپنے مقصد کی دعا کرے اللہ رب العزت ہر دعا قبول فرمائیگا اور دینی و دنیاوی طور پر ہر طرح سے کامیابی نصیب فرمائیگا۔

حصار

اگر گھر میں کوئی غیر انسانی مخلوق آکر ڈراتی ہو یا کوئی بد اعمال کے ذریعے پریشان کرتا ہو تو ان آیات کو رات کو سونے سے پہلے پانچ مرتبہ اپنے بستر پر بیٹھ کر پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر دم کر کے تین مرتبہ تالی بجائے اور آخر میں اپنے پورے گھر کا تصور باندھ کر پھونک مارے پورے تو گھر کی حصار ہو گی اور کوئی بھی غیر انسانی مخلوق اندر گھس نہیں سکے گی اسی طرح اگر کوئی مخصوص پڑھائی پڑھنے سے پہلے ان آیات کو پانچ مرتبہ چھری پر دم کر کے اپنے گرد دائرہ لگا کر اس کے اندر بیٹھ کر پڑھائی پڑھے تو ہر قسم کے نقصان سے محفوظ ہو گا۔

زر و مال و کاروبار

اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو تو ان آیات کو روزانہ دکان کو کھولنے کے بعد صفائی کے ایک عدد اگر بتی سلگائے اور آیات کو اکیس مرتبہ پڑھے اور اپنی دکان کے کونوں میں پھونک مارے دکان داری زیادہ چلے گی اور گاہک زیادہ سے زیادہ آئینگے۔

ہر کام میں برکت

ہر مقصد میں فتح اور ہر کام میں برکت حاصل کرنے کیلئے ان آیات کو کاروباری مقام پر اکیس مرتبہ پڑھے اور گھر میں بعد نماز عشاء گیارہ مرتبہ پڑھے اور اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھے اللہ کے حکم سے اگر مٹی میں ہاتھ ڈالے گا تو وہ سونا بن جائیگی۔ اگر کسی پر منحوست کے بادل چھائے رہتے ہوں اور نہ سوچی سمجھی سکیم کے تحت نقصان ہوتے ہوں تو ان کا کثرت سے ورد کرے اللہ رحمت کریگا۔

شادی مرضی کے مطابق

جائز طور پر شادی اپنی مرضی کے مطابق کرنے کیلئے اور ان افراد کو اپنے راستے سے ہٹانے کیلئے جو اس جائز کام میں خلل پیدا کرتے ہوں بعد نماز عشاء اکیس دنوں تک پانچ سو مرتبہ پڑھے اور اپنے مقصد کا کامل تصور باندھے اللہ کے حکم سے اگر اللہ نے چاہا تو شادی وہاں ضرور ہوگی جس کو کرنے کیلئے اس عمل کو کیا جائیگا۔

میاں بیوی کا اتفاق

اگر میاں بیوی آپس میں سلوک و اتفاق سے نہ رہتے ہوں تو ان آیات کو بعد نماز فجر صندل کے شربت پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اسے سادہ پانی میں گھول کر دونوں میاں بیوی پئیں سلوک و اتفاق قائم ہوگا۔

زبان بندی

اگر کوئی ناجائز زبان چلاتا ہو جس سے دل دکھتا ہو اور حاسد افراد اخلاقی حرکات کا تقدس پامال کرتے ہوں تو ان آیات کو اپنے مقصد کا تصور باندھ کر بعد نماز عصر چالیس مرتبہ پڑھے اور ان افراد کا کامل تصور باندھ کر ان پر دم کرے جو ناجائز زبان چلاتے ہوں اللہ ان کی زبان بند کریگا اور وہ کسی کا دل نہیں دکھا سکیں گے۔

حیاء پیدا ہو

اگر مرد و عورت دونوں یا دونوں میں سے کوئی ایک بے حیائی کا کردار ادا کرتے ہوں اور اس سے دوسرے افراد ان سے نفرت کرتے ہوں اور ان کی اصلاح چاہتے ہوں تو ان آیات کو میٹھے پانی پر دم کر کے ان کو پلائیں ان کی اصلاح ہوگی۔

محبوب کو بلانا

اگر کسی کا محبوب کہیں ناراض ہو کر چلا گیا ہو اور واپس نہ آتا ہو یا کسی کا میاں اپنی بیوی سے ناراض ہو کر اس سے کوئی بات چیت نہ کرتا ہو اور اس سے اچھے تعلقات نہ پیدا کرتا ہو تو اس قسم کے اور کاموں میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے ان آیات کو کسی میٹھے پانی پر دم کر کے پلائے اور اگر واپس بلانے کیلئے ان آیات کو روزانہ بعد نماز عشاء اکسٹھ مرتبہ پڑھے اور محبوب کا کامل تصور باندھے اللہ کے حکم سے محبوب واپس آئیگا اور ان کی آپس میں اصلاح ہو گی۔

آنکھوں کے امراض

آنکھوں سے متعلق ہر قسم کے مرض کے خاتمے اور شفاء حاصل کرنے کیلئے ان آیات کو گلاب کے عرق پر اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اسے کسی احتیاط کی جگہ جہاں اس پانی کی بے ادبی نہ ہو اپنی آنکھوں کو صبح و شام دھوئے اور اس عرق کو اپنی آنکھوں میں ڈالے اس کی برکت سے تمام قسم کے امراض ختم ہو نگے۔

درد کان

کان سے متعلق مختلف قسم کے امراض کے خاتمے اور ان آیات کی بدولت کامل شفائے کاملہ حاصل کرنے کیلئے ان آیات کو سرسوں کے تیل پر دم کرے اور اس تیل کو روزانہ صبح اور رات کو سونے سے پہلے دو دو قطرے اپنے دونوں کانوں میں ڈالے اور اس عمل کو تب تک جاری رکھے جب تک بیماریوں کا خاتمہ نہ ہو جائے اللہ کے فضل سے کان بالکل ٹھیک ہو نگے۔ اگر کسی کو کم سنائی دیتا ہو تو وہ بھی اس عمل کو اوپر والے عمل کے مطابق استعمال کرے اللہ شفاء دیگا۔

وصولی قرض

اگر کوئی شریف انسان کسی کو اپنی حلال کی کمائی سے روپے دے چکا ہو اور روپے لینے والا واپس نہ کرتا ہو تو ان آیات کو روزانہ بعد نماز عشاء اکیس مرتبہ اپنے مقصد کا تصور باندھ کر پڑھے اللہ کے حکم سے جس نے روپے لئے ہونگے اللہ اس کے دل میں رحم ڈالے گا اور وہ روپے ضرور جلد واپس کریگا۔

قرض اترے

اگر کوئی فرد قرض دینے میں پھنس چکا ہو اور اس کا کوئی وسیلہ نہ بنتا ہو عزیز و رشتہ دار سب منہ موڑ چکے ہوں تو ان آیات کو روزانہ کسی صاحب کرامت بزرگ کے مزار پر جا کر قبلہ رخ اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھ کر پڑھے اللہ کے حکم سے غیب سے قرض کی ادائیگی کا کوئی وسیلہ ضرور بنے گا۔

فقر و فاقہ دور

کوئی بھی تنگ دست انسان یا غریبی و مفلسی میں پھنسا ہوا فرد ان آیات کو اپنے مقصد کے لحاظ سے نہایت عاجزی کے ساتھ نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ہر روز اکتالیس مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اللہ کے حکم سے چند دنوں کے اندر غریبی و مفلسی کا خاتمہ ہو اور غیب سے رزق کے وسائل بنیں گے۔ انشاء اللہ

بہتری حالات

گھر میں ہر طرح کے سکون اور امن و امان قائم رکھنے اور آپس میں سلوک و اتفاق سے رہنے کیلئے ان آیات کو بعد نماز ظہر اکتالیس مرتبہ مٹی کے گھڑے میں پانی رکھ کر دم کرے اور اس پانی کو سبھی استعمال کریں عمل کی مدت اکیس دن ہے۔

فراخی رزق میں غیبی امداد

غیبی طریقے سے رزق کی آمد اور دنیاوی مشکلات کے سو فیصدی خاتمے کیلئے ایک عدد تانبے کا ایسا چراغ بنوایا جائے جس میں نو حروف مقطعات کندہ ہو سکیں پھر اس میں سرسوں کا تیل ڈال کر ہر جمعرات کو قبلہ رخ جلائے اور اس کے سامنے بیٹھ کر پاک و باوضو حالت میں ان آیات کو ایک سو ایک کی تعداد میں پڑھے اور سجدے میں سر رکھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کی دعا مانگے اس عمل کا ذکر کسی سے مت کرے اللہ نے چاہا تو ایسے طریقے سے رزق کی آمد ہو گی کہ گمان بھی نہیں کر سکے گا اگر اس عمل کو کوئی خاتون کرنا چاہے تو اس بات کا ضرور خیال رکھے کہ اپنے مخصوص ایام میں ہرگز اس عمل کو نہ کرے اور نہ ہی ان آیات کو ورد کرے مرد حضرات ہر طرح کی پلیدی سے پاک ہو کر اس عمل کو کریں اللہ ضرور اس مقصد میں کامیابی عطا فرمائیگا۔

سواری و مسافر نقصان سے محفوظ

اگر کہیں دور دراز سفر کرنے کا ارادہ ہو اور اس بات کا اندیشہ ہو کہ کہیں کوئی نقصان نہ ہو جائے تو ان آیات کو سفر میں جانے سے پہلے اکیس مرتبہ پڑھ کر جائے اور اگر ہو سکے تو انہی آیات کو سفر کے دوران بھی پڑھتا جائے اللہ نے چاہا تو کوئی بھی ایسا حادثہ رونما نہیں ہو گا جس سے جانی یا مالی نقصان ہو سفر و مسافر دونوں ہی اللہ کے حکم سے محفوظ ہونگے۔ اگر کوئی مقدمے یا فوجداری جیسے سنگین جرم میں ناجائز پھنس چکا ہو اور نکلنے کی کوئی ترکیب نہ نکلتی ہو تو ان آیات کو اپنے گھر میں سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھوائے اور کوئی میٹھی شے ضرور پکوا کر غریبوں میں تقسیم کرے اور اگر ہو سکے تو قیدی کو ان آیات کو پڑھنے کی ہدایت بھی کی جائے غیبی امداد ہو گی۔

دشمن کے شر سے محفوظ

اگر کوئی سفاک دشمن مسلمان بہن بھائیوں کو پریشان کرتا ہو اور مختلف قبیح اعمال سے ان کا ہر طرح سے نقصان کرنا چاہتا ہو اور کوئی بھی تدبیر کام نہ آ رہی ہو تو ان آیات کو اکیس عدد کالی مرچوں پر اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس کا تصور باندھ کر ان پر دم کرے اس عمل کو تین دنوں تک مسلسل اوپر درج عمل کے مطابق کرے اور چوتھے روز ان کالی مرچوں کو چوراہے سے تین عدد کنکر اٹھا کر ان میں رکھ کر کسی طریقے سے دشمن کے گھر میں رکھوادے اور قدرت الہیٰ کا تماشہ دیکھے اس عمل کو ناجائز استعمال نہ کیا جائے کیونکہ اس عمل کی بدولت اللہ کا عذاب اترتا ہے اور ناجائز اس عمل کو کرنے کی صورت عذاب صاحب عمل پر بھی اتر سکتا ہے اس لئے بہت سوچ سمجھ کر اس عمل کو کیا جائے اس عمل کی بدولت زبان بندی اور دشمنی کے خاتمے کیلئے اس عمل کو بالکل اوپر لکھے گئے طریقے کے مطابق استعمال کرے اللہ حامی و ناصر ہو گا۔

لوگوں میں عزت ہو

اگر کسی فرد کی کوئی عزت نہ کرتا ہو یا بلاوجہ اسے پریشان کرتا ہو تو ان آیات کو روزانہ بعد نماز عشاء اکیس مرتبہ پڑھ کر سجدے میں سر رکھ کر اللہ سے دعا مانگے اور اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھے اس عمل کو اکیس دنوں تک مسلسل کرے اور بعد ختم ان آیات کے اپنے چہرے پر دم کیا کرے اللہ کے حکم سے جو کوئی بھی اس فرد کو دیکھے گا اس کی عزت کریگا لیکن اس عمل کا کسی سے بھی ذکر نہ کرے۔ اس عمل کو ایسے افراد بھی کر سکتے ہیں جو آپس میں سلوک و اتفاق سے نہ رہتے ہوں اور ہر وقت معمولی باتوں پر جھگڑتے ہوں دونوں میں سے جو بھی عمل کریگا اس کی عزت و وقار بلند ہو گا۔

محبت پیدا کرنا

یہ ایسا عمل ہے جس سے محبوب کے دل میں اپنی محبت قائم کی جا سکتی ہے اگر میاں بیوی کے دل میں بھی پیار یا محبت نہ ہو اور وہ ایک دوسرے سے شدید نفرت کرتے ہوں تو سیب کے درخت کی جڑ کی مٹی ایک کلو لا کر اس کو جہاں اس عمل کو کرنا ہے وہاں رکھا جائے اور اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھ کر تھوڑی سی مٹی پر ان آیات کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے مٹی اتنی ضرور ہونی چاہئے جس سے سات دن اس عمل کو کر کے مٹی ختم ہو جائے روزانہ بعد نماز عشاء اس عمل کی ابتداء کی جائے اور اکتالیس مرتبہ اسے پڑھ کر کسی کپڑے میں اس مٹی کو رکھا جائے آٹھویں دن جہاں سے مٹی لی تھی وہاں سے تھوڑی جگہ کھود کر اس مٹی کو وہاں دفن کر دیں اس تمام عمل میں اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھا جائے تا کہ سو فیصدی کامیابی ہو۔

افسران و حکام مہربان ہوں

اس عمل کو ایسے ملازم پیشہ افراد کریں جن کے حاکم یا افسر اچھا سلوک نہ کرتے ہوں اور بلا وجہ ناراض ہو کر نوکری سے نکالنے کی دھمکی دیتے ہوں اللہ کے حکم سے اس عمل کی بدولت حاکم و افسر زیر رہینگے اور ایسے جائز کام ضرور کریں گے جو صاحب عمل کے حق میں ٹھیک ہوں۔ روزانہ بعد نماز فجر اس عمل کا آغاز اس طرح کیا جائے کہ روزانہ ایک تسبیح پڑھ کر سادے پانی پر دم کرے اپنے کام کا مکمل تصور باندھے اور اگر کوئی مخصوص افسر یا حاکم ہو تو اس کا نام مع والدہ لے اور بعد اس تسبیح کے تھوڑا سا پانی منہ پر ملنے کے بعد جو باقی بچے اسے پی لے اور اس عمل کا کسی دوسرے سے ذکر نہ کرے خاموشی سے اس عمل کو کرتا جائے اللہ مسبب الاسباب ہے۔

تبادلہ رک جائے

اگر کوئی ملازم کہیں نوکری کرتا ہو اور دوسرے حاسد افراد اس کے خلاف ناجائز باتیں کر کے افسران کو بھڑکاتے ہوں اور اس کا تبادلہ کسی اور جگہ کروانا چاہتے ہوں جس سے ملازم کو کافی نقصان ہوتا ہو تو چاہے ایسی کیفیت پیدا ہونے سے پہلے یا بعد میں ان آیات کو روزانہ بعد نماز عشاء ورد کر کے سو جایا کرے اور اللہ سے اپنے مطلب کی دعا کیا کرے اللہ کے حکم سے دوسرے حاسد افراد اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گے اور اگر کوئی ویسے بھی ان آیات کو اس مقصد کی خاطر اسی طرح کرتا جائے جیسے اوپر لکھا گیا ہے تو کوئی بھی حاسد اپنے برے ارادے میں کامیاب نہیں ہوگا۔ انشاء اللہ

نورانی ہمزاد

اگر کوئی پاک و باوضو حالت میں ہر وقت رہنے کا عادی ہو اور اسے کسی زبردست عمل کی تلاش ہو جس سے دنیا کا کوئی بھی عامل اس کا مقابلہ نہ کر سکے اور یہ جس کا چاہے کام کر دے تو کامل پرہیز جلالی و جمالی کرتے ہوئے ایک عدد تانبے کا ایسا چراغ بنوایا جائے جس کے اندر صاحب عمل کا نام کندہ ہو پھر اسے پاک و صاف کمرے میں اپنے پیچھے کسی میز کے سہارے رکھے اور روزانہ بعد نماز عشاء ان آیات کو اپنے مقصد کا کامل تصور باندھ کر اتنا پڑھے کہ صبح فجر کی نماز پڑھ کر سو جائے اور نماز ظہر سے پہلے اٹھ جائے پاک و پرہیز گاری کا عملی طور سے زبردست تاثر اس عمل کو کامیاب ہونے میں چار چاند لگا دے گا اور ڈر و خوف کو اپنے پاس بھی نہ آنے دے اللہ کے حکم سے چالیس دن کے اندر اندر ہمزاد ضرور متشکل ہو کر سامنے آ کر کلام کریگا اور اس کی ترکیب کیا ہوگی اس کیلئے میری کتاب شرائط چلہ کا مطالعہ کیا جائے۔

شادی ہو

اگر کسی کنواری لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو یا اس بات کی مکمل تصدیق ہو چکی ہو کہ اس پر کسی بدروح، سایہ آسیب یا بداعمال کا اثر ہے تو اس عمل کو ایسے کیا جائے کہ وہ لڑکی خود اپنے پہنے ہوئے دوپٹے کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں پھاڑ کر روزانہ ایک ٹکڑے پر ان آیات کو اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھ کر اکیس مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھے اور اسے کوئلے پر رکھ کر اس کی دھونی اپنے پورے جسم کو دے سات دن اس عمل کو کرنے کے بعد ان آیات کو صبح و شام ایک تسبیح پڑھنے کا معمول بنالے اور اس سے آگے کوئی ہر کام والا متعلقہ نقش زعفران سے لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے جو بھی رکاوٹ ہوگی اس کا ضرور خاتمہ ہوگا اور چند دنوں کے اندر ضرور کہیں نہ کہیں نسبت طے پائے گی۔ انشاءاللہ

برا علم چھیننا

اگر کوئی بدکردار عامل اپنے ناجائز علم کی بدولت دوسرے مسلمانوں کو پریشان کرتا ہو اور طرح طرح کی اذیت اپنی ہوائی چیزوں کے ذریعے دیتا ہو تو اس کا عمل باطل کرنے اور اس سے سلب کرنے کیلئے دریا سے لوہے کے برتن میں پانی بھر کر لائے اور ان آیات کو روزانہ بعد نماز عشاء اس عامل کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھ کر دریا سے لائے ہوئے پانی پر تھوڑا سا نکال کر دم کرے اور اس پانی کو اپنے مصلے کے اردگرد بکھیر دے یا اگر عامل کا گھر نزدیک ہو تو اس پانی کو اس کے باہر والے دروازے پر چھڑکے اور اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھے اللہ کے حکم سے اس کے پاس جو کچھ بھی ہوگا وہ اس سے چھن جائیگا۔ انشاءاللہ

گھر و دکان کی حصار

اگر کسی گھر یا دکان میں غیر انسانی مخلوق رہتی ہو اور یا کسی فرد پر اپنا غلبہ جماتی ہو تو ان آیات کو لوہے کے چار عدد کیلوں پر اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور انہیں اپنے گھر کے صحن کے چاروں کونوں میں گاڑھ دے اور اگر دکان ہو تو دکان کے چارو کونوں میں بھی اسی عمل کو دہرائے اللہ کے حکم سے اس کے کامل اثرات سے کوئی بھ غیر انسانی مخلوق کسی انسان کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گی۔ اور اس کا اثر باطل ہو۔ کے ساتھ کئی واضح نشانیاں ظہور میں آئینگی جس سے اس بات کا با آسانی معلوم ہو سکے گا کہ اب اس کا اثر موجود نہیں رہا۔

طلسم حب

یہ اپنی نوعیت کا سریع التاثیر عمل ہے اور اس عمل کی بدولت حب کے جائز کاموں میں ضرور بر ضرور کام ہوتا ہے لیکن کام جائز ہونا چاہیئے اس عمل کی شروعات نو چندی جمعرات والے دن سے کی جائے اور ایک عدد محبوب کی تصویر کی اکیس عدد فوٹو کاپیاں کروا کر اسی تصویر پر ان آیات کو اکیس مرتبہ تازہ دم کر کے موڑ کر بتی کی شکل بنائے اور اسے چراغ میں جلائے اور خود اس کے سامنے بیٹھ کر اپنے محبوب کا کامل تصور باندھ کر ان آیات کو پڑھ پڑھ کر اس کی تصویر کو دم کرتا جائے اکیس دن اس عمل کو بالکل باقاعدگی کے ساتھ بعد نماز عشاء کرے اور اس کے ظاہر اًخواص خود دیکھ لے کہ جو کام ناممکن بن گیا تھا وہ اس زبردست عمل کی بدولت کیسے سرانجام پا گیا تصویر محبوب کی اصل ہونی چاہئے اور فوٹو کاپی بھی بالکل صاف ہو کوئی نشان یا دھبہ تصویر پر نہ ہو بالکل صاف ستھری تصویر پر اس عمل کو کر کے اس کی آزمائش کیجئے۔

رنج وغم دور

دنیاوی ہر دکھ تکلیف سے نجات اور خوش وخرم رہنے اور اللہ کی رحمت برسوانے کیلئے ان آیات کو روزانہ بعد نماز فجر اکیس مرتبہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کی دعا مانگے اللہ کے حکم سے جو کوئی بھی دکھ ہوگا اللہ اس سے ضرور نجات دیگا۔

موت کی سختی

اگر کوئی فرد ہر نماز کے بعد ان آیات کو صبح وشام سات سات مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اور کسی دوسرے کا دل نہ دکھائے اور نہ ہی کوئی غیر شرعاً حرکت یا کام کرے تو میرا ایمان ہے کہ اللہ موت کی سختی سے ضرور نجات دیگا اور اپنی کامل رحمت برساتے ہوئے گناہوں کو معاف فرمائیگا۔

شیطان

شیطانی اثرات سے محفوظ اور شیطان کے طور طریقوں کو باطل کرنے کیلئے ان آیات کو صبح وشام پانچ پانچ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اور اسی عمل میں زیادتی پیدا کرنے کیلئے ہر فرض نماز کے بعد ایک ایک مرتبہ پڑھے ایک دن میں پانچ مرتبہ ہوگا بعد پڑھنے کے اپنے سینے پر دم کرلیا کرے اللہ شیطان کو دور فرمائیگا۔ اگر بچے بہت زیادہ شرارتیں کرتے ہوں اور شیطانی اعمال کر کے خوش ہوتے ہوں تو ان آیات کو صبح و شام تازہ ایک ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پہلے بچوں کے سینے پر اس پانی کو ملنے کے باقی پانی کو پلائیں بچوں کی اصلاح ہوگی اور وہ کوئی بھی ایسی حرکت نہیں کریں گے جس سے والدین پریشان ہوتے ہوں۔

ہر نقصان سے محفوظ

اگر کسی کا کاروباری نقصان ہوتا ہو اور کوئی صحیح وجہ بھی سامنے نہ آتی ہو تو ان آیات کو روزانہ صبح و شام اکیس اکیس مرتبہ پڑھے اور اللہ سے گڑگڑا کر دعا مانگے اس عمل کو اکیس دنوں تک کرے اللہ کے حکم سے ہر نقصان کا خاتمہ ہوگا سفر میں نقصان سے محفوظ رہنے کیلئے ان آیات کو گھر سے پڑھ کر جائے دنیاوی کسی انسان کے کئے ہوئے نقصان کا اثر باطل ہوگا اور وہی ہوگا جو اللہ چاہے گا۔

قضائے حاجات

دنیاوی تمام مشکل و مصیبتوں کے خاتمے اور قضائے حاجات کیلئے ان آیات کو ہر فرض نماز میں بعد الحمد و کوئی دیگر سورہ کے بعد ان آیات کو ایک مرتبہ پڑھے اور پانچوں نمازیں اسی طرح پڑھے اسی عمل کی بدولت دنیا میں جس شے کی ضرورت ہوگی وہ پوری ہوگی اور اللہ تعالیٰ دنیا میں کسی کا محتاج نہیں کریگا۔

نسیان

اگر کسی کو بھولنے کی عادت ہو یا بچے جو کچھ پڑھتے ہوں وہ بھول جاتے ہوں یا کوئی دفتر میں کام کرنے والا فرد ہر بات بھول جاتا ہو تو ان آیات کو خالص میٹھے بادام کی ایک گری پر رات کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر سو جائے اور اسے پانی میں بھگو دے صبح نہار منہ اس بادام کو اپنے منہ میں رکھ کر چوسے اور اس کے پھوگ کو کسی پودے میں ڈال دے اس عمل کو سات دنوں تک کرے۔

الٓمّٓ ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَا رَیْبَ فِیْہِ ھُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ وَبِحَقِّ یَا اَللّٰہُ۔ الٓمّٓ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ بِحَقِّ یَا اللّٰہُ۔ الٓمّٓصٓ کِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَیْکَ فَلَا یَکُنْ فِیْ صَدْرِکَ حَرَجٌ مِّنْہُ لِتُنْذِرَ بِہٖ وَ ذِکْرٰی لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَبِحَقِّ یَا اللّٰہ۔ الٓرٰ تِلْکَ اٰیٰتُ الْکِتٰبِ الْحَکِیْمِ وَبِحَقِّ یَا اللّٰہ۔ الٓرٰ کِتٰبٌ اُحْکِمَتْ اٰیٰتُہٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَکِیْمٍ خَبِیْرٍ وَبِحَقِّ یَا اللّٰہ۔ الٓرٰ تِلْکَ اٰیٰتُ الْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ وَبِحَقِّ یَا اللّٰہ۔ المر تِلْکَ اٰیٰتُ الْکِتٰبِ وَالَّذِیْٓ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ الْحَقُّ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یُؤْمِنُوْنَ وَبِحَقِّ یَا اللّٰہ۔ الٓرٰ کِتٰبٌ اَنْزَلْنٰہُ اِلَیْکَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ بِاِذْنِ رَبِّھِمْ اِلٰی صِرَاطِ

الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ وَبِحَقِّ يَا اللّٰهُ۔ الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ
الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ وَبِحَقِّ يَا
اللّٰهُ۔ كٓهٰيٰعٓصٓ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ
زَكَرِيَّا وَبِحَقِّ يَا الْكَبِيْرُ يَا الْكَرِيْمُ۔ طٰهٰ مَآ اَنْزَلْنَا
عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى وَبِحَقِّ يَا
الطَّاهِرُ۔ طٰسٓمّٓ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ
وَبِحَقِّ يَا الطَّاهِرُ۔ طٰسٓ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ
وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ وَبِحَقِّ يَا الطَّاهِرُ۔ طٰسٓمّٓ تِلْكَ
اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ وَبِحَقِّ يَا الطَّاهِرُ۔ الٓمّٓ
اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا
وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ وَبِحَقِّ يَا اللّٰهُ۔ الٓمّٓ غُلِبَتِ
الرُّوْمُ وَبِحَقِّ يَا اللّٰهُ۔ الٓمّٓ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ
الْحَكِيْمِ وَبِحَقِّ يَا اللّٰهُ۔ الٓمّٓ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا
رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَبِحَقِّ يَا

اللّٰہ۔ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ وَبِحَقِّ یَا
الْقُدُّوْس۔ صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّکْرِ وَبِحَقِّ
یَا الصَّمَدُ یَا الصَّبُوْرُ۔ حٰمٓ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ
اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ وَبِحَقِّ یَا الْحَکَمُ یَا الْحَفِیْظُ
یَا الْحَسِیْبُ یَا الْحَکِیْمُ یَا الْحَقُّ یَا الْحَمِیْدُ یَا
الْحَیُّ۔ حٰمٓ تَنْزِیْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
وَبِحَقِّ یَا الْحَکَمُ یَا الْحَفِیْظُ یَا الْحَسِیْبُ یَا
الْحَکِیْمُ یَا الْحَقُّ یَا الْحَمِیْدُ یَا
الْحَیُّ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ کَذٰلِکَ یُوْحِیْٓ اِلَیْکَ
وَاِلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکَ اللّٰہُ الْعَزِیْزُ
الْحَکِیْمُ وَبِحَقِّ یَا الْحَکَمُ یَا الْحَفِیْظُ یَا
الْحَسِیْبُ یَا الْحَکِیْمُ یَا الْحَقُّ یَا الْحَمِیْدُ یَا
الْحَیُّ۔ حٰمٓ وَالْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ وَبِحَقِّ یَا
الْحَکَمُ یَا الْحَفِیْظُ یَا الْحَسِیْبُ یَا الْحَکِیْمُ یَا

اَلْحَقُّ یَا اَلْحَمِیْدُ یَا اَلْحَیُّ۔ حٰمٓ وَ الْکِتٰبِ
الْحَکِیْمِ وَبِحَقِّ یَا اَلْحَکَمُ یَا اَلْحَفِیْظُ یَا
اَلْحَسِیْبُ یَا اَلْحَکِیْمُ یَا اَلْحَقُّ یَا اَلْحَمِیْدُ یَا
اَلْحَیُّ۔ حٰمٓ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ
الْحَکِیْمِ وَبِحَقِّ یَا اَلْحَکَمُ یَا اَلْحَفِیْظُ یَا
اَلْحَسِیْبُ یَا اَلْحَکِیْمُ یَا اَلْحَقُّ یَا اَلْحَمِیْدُ یَا
اَلْحَیُّ۔ حٰمٓ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ
الْحَکِیْمِ وَبِحَقِّ یَا اَلْحَکَمُ یَا اَلْحَفِیْظُ یَا
اَلْحَسِیْبُ یَا اَلْحَکِیْمُ یَا اَلْحَقُّ یَا اَلْحَمِیْدُ یَا
اَلْحَیُّ۔ قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ وَبِحَقِّ یَا
اَلْقُدُّوْسُ یَا اَلْقَھَّارُ یَا اَلْقَابِضُ یَا اَلْقَوِیُّ یَا
اَلْقَیُّوْمُ یَا اَلْقَادِرُ۔ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ
وَبِحَقِّ یَا اَلنَّافِعُ یَا اَلنُّوْرُ۔

حروف مقطعات کی آیات کے حروف ابجد کی کل تعداد (53275) مفرد عدد (4)

عامل بننے یا سو فیصد کامیاب بنا ان دنوں کی کل تعداد (166) مفرد دن (4)

(1) دفع سحر ونظر بد کے خاتمے کیلئے نیچے لکھی ہوئی آیت حروف ابجد کی تعداد میں کالے ماش ثابت پر دم کر کے انہیں قبرستان میں مریض کے سات پھیرے اتار کر دفنا دے اور تازہ پانی پر دم کر کے پئے اسی وقت نظر بد وسحر کا خاتمہ ہوگا۔ ہر مرض سے شفاء حاصل کرنے کیلئے ان آیات کو سادہ پانی پر اکیس مرتبہ دم کر کے پیا جائے اللہ کے حکم سے اسی وقت صحت ہوگی۔ فقر وفاقہ سے محفوظ رہنے کیلئے روزانہ رات کو اکتالیس مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر سو جائے اور اس عمل کو اکتالیس دنوں تک کیا جائے اللہ کے حکم سے اللہ تنگ دستی کے دن کاٹ دیگا۔ اس آیت کا عامل بننے کیلئے اسی آیت کو روزانہ بعد نماز عشاء نیچے لکھی گئی تعداد میں ورد کرے اور سادہ پانی پر دم کر کے پی جائے بعد چالیس روز کے کسی سے اس کا ذکر نہ کرے اور اس سے اوپر لکھے گئے طریقہ کار میں سو فیصدی کامیابی حاصل کرلے۔

الٓمٓ ☆ ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَا رَیْبَ فِیْہِ ھُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ۔ (سورہ البقرۃ حروف ابجد 2291)

(2) حاملہ عورت اپنے ان دنوں میں ہر قسم کی بدنظر اور بداعمال سے محفوظ رہنے کیلئے اس آیت کو زبانی یاد کرے اور اس کا کثرت سے ورد کرے یا اسے کسی مخصوص وقت میں حروف ابجد کی لکھی گئی تعداد کے مطابق تازہ پانی پر دم کر کے پئے اللہ کے فضل سے کوئی بھی بدعمل یا بدنظر کوئی خلل نہیں ڈالے گی۔ کشف القبور کیلئے کامل پرہیز جلالی وجمالی کرتے ہوئے اس آیت کو روزانہ حروف ابجد کی تعداد میں کسی بھی صاحب کرامت بزرگ کے مزار پر پڑھے۔ مقصد میں کامیابی ہوگی۔ انشاءاللہ

الٓمّٓ ☆ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

(سورہ آل عمران حروف ابجد 473)

(3) حیض کی بے اعتدائی اور امراض مخصوصہ کے مکمل خاتمے کیلئے اس آیت کو اپنے ہاتھ کی کسی بھی پہنی ہوئی انگوٹھی پر حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور اسے کسی برتن میں ڈال کر پانی کے ساتھ آگ پر رکھے اور ٹھنڈا ہونے پر انگوٹھی اندر ہی رہنے دے اور تین دنوں کے اندر اس پانی کو پی لے جتنے بھی اندرونی یا بیرونی مخصوص امراض ہونگے ان کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ پھر اپنی انگوٹھی کو پہلے کی طرح ہاتھ میں پہن لے۔ حاضرات الارواح کیلئے نیک روحوں کو بلانے اور ان سے دنیاوی کاموں میں کامیابی کیلئے اس آیت کو روزانہ بعد نماز عشاء حروف ابجد کی تعداد میں چراغ جلا کر پڑھے اللہ کے حکم سے نیک ارواح حاضر ہونگی لیکن ان سے ڈرنا نہیں ہوگا اور نہ ہی کوئی ایسا کام کہا جائے جو شریعت کے خلاف ہو کیونکہ اس آیت کے زیر جو ارواح ہونگی وہ نیک و پرہیز گار ہونگی۔ اس لئے اگر ساری زندگی ان سے نیک کاموں میں فائدہ حاصل کرنا ہوگا تو یہ ضرور ساری زندگی نیک کاموں میں مدد کی خامی بھریں گی علاوہ ازیں زندگی میں ایک مرتبہ بھی پلید عمل یا شریعت کے خلاف کام کہا گیا تو یہ خود واپس لوٹ جانے کے علاوہ صاحب عمل کو ساری زندگی کیلئے معذور کر جائیں گی۔

الٓمّٓصٓ ☆ کِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَیْکَ فَلَا یَکُنْ فِیْ صَدْرِکَ حَرَجٌ مِّنْہُ لِتُنْذِرَ بِہٖ وَذِکْرٰی لِلْمُؤْمِنِیْنَ۔ (سورہ الاعراف حروف ابجد 4212)

(4) حیض کا کثرت سے یا درد کے ساتھ آنا اور اس بیماری کا خاتمہ کرنے کیلئے ایک عدد سرخ ڈوری کو اپنے قد کے برابر سات مرتبہ اتارے اور اس کے درمیان میں ایک گرہ ایک مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر لگائے پھر دوسری پر دو مرتبہ تیسری پر تیسری مرتبہ غرض سات گرہ تک سات مرتبہ پڑھ کر اس کو اپنے سیدھے ہاتھ میں پکڑے اور اس پر حروف ابجد کی تعداد کے مطابق اسی آیت کو پڑھ کر دم کرے اور اس اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے حیض بالکل ٹھیک طرح سے آئینگے۔ اس عمل کو خواتین خود اپنے ہاتھوں سے کریں ثواب ونیکیوں کے ساتھ اپنا کام خود کریں۔

الٓرٰ ☆ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ

(سورہ یونس حروف ابجد 1654)

(5) اگر حیض آنا بند ہو جائیں تو کالی ڈوری لاکر اس کو گلاب کے عرق میں بھگوئے اور اس عرق کو چینی کی پیالی میں رکھے بعد اس عمل کے پیالی والے عرق کو گلاب کے پودے میں ڈال دے اور خشک ہونے پر اس آیت کو لکھی گئی تعداد کے مطابق اس ڈوری پر دم کرے اور اسے اپنے گلے میں باندھے۔

الٓرٰ ☆ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ۔ (سورہ ھود حروف ابجد 3742)

(6) رحم، فرج، واندام نہانی کی خارش اور اس سے متعلقہ تمام جملہ امراض کے خاتمے کیلئے اس آیت کو حروف ابجد کی تعداد میں شیشے کی بوتل میں پانی بھر کر اس میں دم

کرے اور اسے صبح نہار منہ سے لیکر دن کے کئی حصوں میں پئے اور ختم ہونے پر دوبارہ دم کرے امراض مخصوصہ کا مکمل خاتمہ ہوگا۔

الۤرٰ ☆ تِلْکَ اٰیٰتُ الْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ

(سورہ یوسف حروف ابجد 1679)

(7) لیکوریا اور شرم گاہ کی بدبو کے خاتمے کیلئے صندل کے خالص شربت کی بوتل میں اس آیت کو حروف ابجد کی تعداد میں بعد نماز جمعہ پڑھ کر دم کرے اور اس شربت کو سادے پانی میں ملا کر استعمال کرے اس سے شرم گاہ کی بدبو ختم ہوگی اور لیکوریا کے خاتمے کیلئے چھالیے پر اسی تعداد میں دم کر کے صبح وشام اس چھالیہ کا استعمال کرے لیکوریے کا خاتمہ ہوگا۔

الۤمّۤرٰ ☆ تِلْکَ اٰیٰتُ الْکِتٰبِ ؕ وَالَّذِیْۤ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ الْحَقُّ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یُؤْمِنُوْنَ۔ (سورہ الرعد حروف ابجد 4094)

(8) آتشک، سرعت انزال، واحتلام کے خاتمے اور اس کے روحانی علاج کیلئے ایک عدد چینی کی سفید رنگ کی پلیٹ پر اپنی شہادت کی انگلی سے اتنا شہد پھیلائے جو آسانی سے کھا سکے پھر اس پر اس آیت کو حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور اپنی شہادت کی انگلی سے لگا کر چاٹے تینوں امراض کا بیک وقت روحانی علاج ہوگا۔

الٓرٰ ☆ کِتٰبٌ اَنۡزَلۡنٰهُ اِلَیۡکَ لِتُخۡرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوۡرِ بِاِذۡنِ رَبِّهِمۡ اِلٰی صِرَاطِ الۡعَزِیۡزِ الۡحَمِیۡدِ۔

(سورہ ابراہیم حروف ابجد 5363)

(9) دردزہ سے نجات کیلئے تازہ پانی پر ایک ہی جلسے میں اس آیت کو حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور اس عورت کو پلائے پیدائش میں آسانی ہوگی۔

الٓرٰ ☆ تِلۡکَ اٰیٰتُ الۡکِتٰبِ وَقُرۡاٰنٍ مُّبِیۡنٍ۔

(سورہ الحجر حروف ابجد 2034)

(10) حفاظت حمل کیلئے اس آیت کو روزانہ کسی مخصوص وقت میں ایک ہی جلسے میں اپنے مقصد کا تصور باندھ کر تازہ پانی پر دم کر کے پیئے اور چلتے پھرتے بھی باوضو حالت میں اس کا ورد جاری رکھے اللہ کے حکم سے حمل حفاظت میں رہیگا اور پیدائش تک کوئی بھی غیر انسانی یا انسانی مخلوق کسی بھی قسم کا کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گی۔

کٓھٰیٰعٓصٓ ☆ ذِکۡرُ رَحۡمَتِ رَبِّکَ عَبۡدَهٗ زَکَرِیَّا۔

(سورہ مریم حروف ابجد 2304)

(11) صاحب اولاد بننے کیلئے اور اس کے درمیان تمام رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے اس آیت کو چھالیہ کے سات دانوں پر اسی آیت کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور اسے

اپنے استعمال شدہ دوپٹے کو پھاڑ کر درمیان میں رکھے اور اسے اپنی کمر میں باندھے سات دن باندھ کر اسے اتارے اور اپنے خاوند سے ہم بستری کرے اور غسل کر کے پھر اسے اپنی کمر میں باندھے اسی عمل کو تب تک مسلسل کرے جب تک حمل قائم نہ ہو جائے اللہ کے حکم سے حمل قائم ہوگا اور اولاد نرینہ پیدا ہونے کے اسباب پیدا ہونگے۔ اس عمل کو اولاد نرینہ کیلئے بھی کیا جا سکتا ہے۔

طٰهٰ ☆ مَآ اَنۡزَلۡنَا عَلَیۡکَ الۡقُرۡاٰنَ لِتَشۡقٰۤی

(سورہ طٰہٰ حروف ابجد 1546)

(12) اٹھرا کے خاتمے کیلئے نیلے رنگ کے سات دھاگے علیحدہ علیحدہ آپس میں بٹے اور ایک ہی جلسے میں اس آیت کو حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور اسے اپنی کمر میں باندھے اور اسی آیت کا دم شدہ پانی پیئے اللہ اپنی رحمت برسائے گا۔

طٰسٓمّٓ ☆ تِلۡکَ اٰیٰتُ الۡکِتٰبِ الۡمُبِیۡنِ۔

(سورہ الشعراء حروف ابجد 1557)

(13) اگر کسی عورت کا بچہ پیٹ میں سوکھ جائے یا مر جائے اور باہر نہ نکلتا ہو تو اس آیت کو حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر حقے کے پانی پر دم کرے اور اسے پلائے اللہ نے چاہا تو ضرور بچہ جس حالت میں ہوگا باہر آئے گا اور اگر بچہ زندہ سوکھ گیا ہو تو بھی اس کی پیدائش فوراً ہوگی۔ انشاء اللہ

طٰسٓ ☆ تِلۡکَ اٰیٰتُ الۡقُرۡاٰنِ وَ کِتَابٍ مُّبِیۡنٍ۔

(سورہ النمل حروف ابجد 1843)

(14) مسان و سوکھا پن کے خاتمے اور اس سے محفوظ رہنے کیلئے سبز رنگ کے دھاگے پر اس آیت کو حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور سات گرہیں ایک ہی وقت میں لگا کر بچے کی پیدائش سے پہلے عورت اپنے گلے میں باندھے بعد پیدائش کے اس دھاگے کو بچے کے گلے میں پہنائے ماں و بچہ دونوں ہی مسان سے محفوظ رہیں گے۔ اگر کوئی نو جوان سوکھے پن میں مبتلا ہو جائے اور کوئی بھی دوا علاج کیلئے کام نہ آ رہی ہو اور مرض بڑھتا ہی جائے تو اس آیت کو روزانہ تین دنوں تک زیتون کے تیل پر اسی کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور بعد تین دنوں کے اس تیل کی مالش مریض کے پورے جسم پر کرے۔

طٰسٓمّٓ ☆ تِلْکَ اٰیٰتُ الْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ۔

(القصص حروف ابجد 1556)

(15) بچوں کی ناجائز ضد اور ان سے متعلق تمام بیماریوں میں ترقی ذھن اور امتحان میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے اس آیت کو حروف ابجد کی تعداد کے مطابق گلاب کے عرق پر دم کر کے پلائے بچہ ناجائز ضد ترک کریگا ترقی ذھن کیلئے شہد پر اسی تعداد کو دم کر کے کھلائے ذھن بھی کھلے گا اور امتحان میں کامیابی ہو گی لیکن صدق دل سے دعا ضرور کرے۔

الٓمّٓ ☆ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُّتْرَکُوْٓا اَنْ یَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَھُمْ لَا یُفْتَنُوْنَ۔

(سورہ العنکبوت حروف ابجد 1946)

(16) دشمنان اسلام کو زیر کرنے اور ان پر فتح حاصل کرنے کیلئے اس آیت کو حروف ابجد کی تعداد میں بعد نماز عشاء پڑھے اور اللہ سے اپنے مقصد کی دعا کرے اگر کوئی مسلمان اپنے عقیدے سے بیزار ہو چکا ہو اور اس کی اصلاح نہ ہوتی ہو تو اسی آیت کو اتنی ہی تعداد میں پڑھ کر کسی ترش شے پر دم کر کے اسے پلائے اس کی اصلاح ہوگی اگر دو میاں بیوی آپ میں سلوک و اتفاق سے نہ رہتے ہوں تو دونوں میں سے کوئی بھی اس آیت کو حروف ابجد کی تعداد میں کسی میٹھی شے پر دم کر کے پلائے یا کھلائے۔ دونوں میں سلوک و اتفاق قائم ہوگا۔ ظالموں کو آپس میں منتشر کرنے اور ان کی زبان بند کرنے کیلئے اس آیت کو بعد نماز عشاء اسی تعداد میں دم کرے۔

الٓمّٓ ☆ غُلِبَتِ الرُّوْمُ۔ (سورہ الروم حروف ابجد 1780)

(17) تمام جسمانی و روحانی امراض کے خاتمے اور شفاء حاصل کرنے کیلئے ایک عدد شہد کی بوتل پر اس آیت کو پڑھ کر دم کر کے رکھ لے اور صبح نہار منہ استعمال کرنے کے بعد دن کے کئی حصوں میں اسے استعمال کرے اس کا استعمال تمام مختلف قسم کی بیماریوں کا خاتمہ کریگا۔ اس کو ویسے بھی مریض کے جسم پر دم کیا جا سکتا ہے۔

الٓمّٓ ☆ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ۔

(سورہ لقمن حروف ابجد 1494)

(18) کسی چیز سے الرجک ہونے اور اس کے خاتمے کیلئے اس آیت کو حروف ابجد کی تعداد میں مریض کے پسندیدہ مشروب پر دم کر کے صبح نہار منہ ضرور پلائے اور دن کے تین حصوں میں استعمال کرنا الرجک کا خاتمہ کریگا۔

الٓمّٓ ☆ تَنۡزِیۡلُ الۡکِتٰبِ لَا رَیۡبَ فِیۡہِ مِنۡ رَّبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ۔ (سورہ السجدہ حروف ابجد 1882)

(19) دنیاوی مصائب اور مشکلات کے خاتمے کیلئے اس آیت کو حروف ابجد کی تعداد کے مطابق کسی مخصوص وقت میں روزانہ پڑھے اللہ کے حکم سے جس مقصد کیلئے اس کو ورد کریگا فورا کام سرانجام پائیگا۔ اگر کوئی بہت بڑی مصیبت میں مبتلا ہو تو بکثرت اس کا ورد کرے۔ اس کے علاوہ اس آیت کے دیگر اور بھی بہت سے فوائد ہیں وہ یہاں بیان نہیں ہو سکتے مختصر طور پر دنیاوی ہر مصیبت و مشکل کے خاتمے کیلئے اور اپنے ادھورے دنیاوی مقاصد کو مکمل کرنے کیلئے اس آیت کو ورد کرے۔

یٰسٓ ☆ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِیۡمِ۔ (سورہ یٰس حروف ابجد 567)

(20) بعض حالات میں کسی مرض کا صحیح پتہ نہیں چلتا اور نہ ہی اس کا علاج ہوتا ہے اس کے مکمل علاج اور سمجھ سے باہر مرض کی نشاندہی کرنے کیلئے اس آیت کو بعد نماز عشاء حروف ابجد کی تعداد میں تازہ پانی پر دم کر کے پیئے اللہ کے حکم سے جو مرض معلوم نہیں ہو گا وہ کھل کر سامنے آئیگا اگر اس کا روحانی علاج ہو گا تو اس کے ورد سے وہ ہو جائیگا اور اگر کسی طبیب کا کام ہو گا تو بھی دوائی اپنا اثر کریگی۔

صٓ ☆ وَالۡقُرۡاٰنِ ذِی الذِّکۡرِ۔

(سورہ ص حروف ابجد 2139)

(21) گھر سے بیماری اور جادو ٹونے کے اثرات سے محفوظ رہنے اور اپنے گھر میں

سکون پیدا کرنے کیلئے اس آیت کو حروف ابجد کی تعداد میں دریا سے لائے ہوئے پانی پر دم کرے اور اس کے چھینٹے اپنے گھر کے کونوں میں لگائے اس عمل کو سات دنوں تک کیا جائے اللہ کے حکم سے مقصد پورا ہوگا۔

حٰمٓ ☆ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۔ (سورہ المومن حروف ابجد 1460)

(22) درستگی ہاضمہ اور پیٹ سے متعلق تمام بیماریوں کے خاتمے کیلئے اس آیت کو حروف ابجد کی تعداد میں تازے پانی پر دم کر کے پلائے کھجلی کے خاتمے کیلئے زیتون کے تیل پر اسی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور اس تیل کی مالش جسم کے کھجلی والے حصے پر کرے اور اس کا دم شدہ پانی پیئے اللہ کے حکم سے شفاء ہوگی۔

حٰمٓ ☆ تَنْزِیْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

(سورہ حم حروف ابجد 1253)

(23) افسران و حکام کو اپنے تابع کرنے اور ان سے اپنی جائز بات منوانے کیلئے اس آیت کو حروف ابجد کی تعداد کے مطابق پڑھ کر اپنے مقصد کا تصور باندھ کر دم کر دیا کرے اور اس حرف کو اپنے ہاتھوں کی پانچوں انگلیوں کو کھول کر ایک ایک حرف کو اپنے افسر کے سامنے دھرائے یعنی (ح م ع س ق) منہ میں پڑھے اور انگلیوں کو کھولے۔

حٰمٓ عٓسٓقٓ ☆ کَذٰلِکَ یُوْحِیْٓ اِلَیْکَ وَاِلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکَ اللّٰہُ

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (سورہ الشوریٰ حروف ابجد 2523)

حٰمٓ ☆ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ (سورہ زخرف حروف ابجد 640)

(24) لوگوں میں مقبولیت اوران میں شہرت حاصل کرنے کیلئے اس آیت کو اکیس دنوں تک حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر اللہ سے اپنے مقصد کی دعا کرے اگر کوئی کسی کی عزت نہ کرتا ہو تو اس آیت کو پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے۔

حٰمٓ ☆ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ (سورہ دخان حروف ابجد 640)

(25) دوران سفر خطرے سے محفوظ رہنے کیلئے اس آیت کو اپنے گھر میں کسی بھی نماز کے بعد پڑھ کر جائے اور اس بات کا عہد کرے کہ واپس آکر یہیں میں پھر پڑھوں گا اللہ کے حکم سے جیسے جائیگا ویسے ہی آئیگا۔

حٰمٓ ☆ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ۔ (سورہ الجاثیہ حروف ابجد 1388)

(26) مخفی مخلوقات اور مخفی اسرار جاننے کیلئے اس آیت کو نو چندی جمعرات بعد نماز عشاء حروف ابجد کی تعداد میں پڑھے اور اللہ سے اپنے اس مقصد کی دعا کرے اس کائنات میں اللہ نے جو بھی مخفی مخلوق بنائی ہے اس کے متعلق معلوم ہوگا اور ان سے رابطہ ہوگا۔

حٰمٓ ☆ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ۔ (سورہ الاحقاف حروف ابجد 1388)

(26) ہر ناممکن مقصد کو کامیاب بنانے کیلئے اس آیت کو حروف ابجد کی تعداد میں ورد کرے۔ اور اپنے کام کا مکمل تصور باندھے۔ اس کا دم کیا ہوا پانی پینا بھی باعث شفاء ہے اور ہر جسمانی تکلیف سے نجات کا حل ہے۔ تسخیر مخلوق کیلئے روزانہ بعد نماز فجر اس آیت کو اپنے سامنے پانی رکھ کر حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور اس پانی کو اپنے منہ پر ملنے کے بعد باقی پی لیا کرے مخلوق جائز تسخیر میں ہوگی۔

قٓ ☆ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ (سورہ ق حروف ابجد 576)

(27) تسخیر حب اور اپنے میاں کو اپنے جائز قابو میں رکھنے کیلئے یعنی وہ اپنی عورت کے علاوہ کسی دوسری عورت کو نہ دیکھے اور نہ ہی اس سے کوئی تعلق قائم کرے اس مقصد میں کامیاب ہونے کیلئے اس آیت کو حروف ابجد کی تعداد میں ان اشیاء پر دم کرے جس سے کوئی بھی میٹھی شے پک سکے بعد دم کرنے کے ان اشیاء سے لذت والی کوئی بھی میٹھی شے پکائے اور اپنے میاں کو کھلائے اس کے کھانے سے میاں غیر عورتوں کی طرف رجوع نہیں کریگا اور صرف اپنی بیوی بچوں میں مگن رہیگا۔ انشاء اللہ اس کے علاوہ اس آیت کو ہر مقصد میں کامیابی اور مشکلات کے حل کیلئے اس آیت کو حروف ابجد کی تعداد میں ورد کرے۔

نٓ ☆ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ (سورہ القلم حروف ابجد 639)

حروف مقطعات کی آیات کے حروف ابجد کی کل تعداد (53275) مفرد عدد (4)

عامل بننے یا سو فیصد کامیاب بننا ان دنوں کی کل تعداد (166) مفرد دن (4)

دینی و دنیاوی کل مقاصد میں سو فیصدی کامیابی

یہاں حروف مقطعات کا ایک ایسا عمل درج ہے جس کی بنیاد پر کوئی بھی انسان کامل محنت اور لگن کے ساتھ دینی کاموں میں کامیابی حاصل کرتے ہوئے اللہ و رسول ﷺ کا قرب کامل حاصل کر سکتا ہے۔ اور دنیاوی طرز طریقہ پر بڑی سے بڑی مصیبت و مشکل کا خاتمہ سو فیصدی کر سکتا ہے۔ عمل کے دنوں کی کل تعداد (29) دن بنتی ہے اور قرآن پاک میں بھی حروف مقطعات کی تعداد اتنی ہے۔ آگے عوام الناس کی سہولت کیلئے علیحدہ علیحدہ حروف مقطعات کو جس تعداد کے مطابق پڑھنا ہے وہ بھی درج کر دی گئی ہے اور یہ تعداد حروف ابجد سے تعلق رکھنے والے اعداد سے ہے اب اگر کوئی مشکل سے مشکل کام میں کامیاب ہونا چاہے یا دنیا کے کسی مقصد میں رکاوٹ کا خاتمہ کرنا چاہے تو وہ چاند کی پہلی تاریخ سے پہلے حروف سے لیکر انتیس دن تک اس چلنے والے سلسلے کو اپنی آنکھوں اور شرم گاہ کو بچاتے ہوئے بغیر کسی وقت کی قید کے دنیاوی کاموں سے فارغ ہو کر اتنی تعداد میں پڑھ لے اس دن سے لے کر رات اور رات سے لے کر اگلی صبح آنے تک اس تعداد کو ختم ضرور کر لے پھر اگلے دن والا حرف مع آیت کے پڑھے اسی طرح کل انتیس دنوں میں حروف کو پڑھتا چلا جائے اور اگر اس دوران کام ہو جائے یا کوئی حاجت پوری ہو جائے تو اس عمل کو ترک کر سکتا ہے وگرنہ کام نہ ہونے کی صورت میں مسلسل اپنے دنوں کی تعداد اور حرف کو پڑھنے کی تعداد میں ذرا بھی کوتاہی سے کام نہ لے دنیا اپنا نظام بدل سکتی ہے سورج مشرق کی بجائے مغرب سے نکل سکتا ہے لیکن اس عمل کا اثر ہر حال میں اٹل اور تیر بہ ہدف ہے آگے عمل کرنے والے کے عمل پر منحصر ہے کہ وہ اس نورانی عمل کو اپنے خاکی جسم میں کتنا برداشت کرنے کی قوت رکھتا ہے اور اپنے تصور کو کیسے کامل باندھتا ہے جس سے سو فیصدی کام سرانجام پا جائے عمل میں ہر گز کسی بھی شک یا اثر میں خلل اندازی کا قطعا

کوئی جواز نہیں ہے۔زبردست اثر سے پر یہ عمل چلتے ہوئے دریا کو ٹھہرا سکتا ہے تو دنیاوی کاموں کی حیثیت ہی کیا ہے۔کامل ایمان اور نیک نیتی کے ساتھ جو بھی فرد اس عمل کو کرے گا وہ انشاء اللہ العزیز ضرور بر ضرور کامیاب ہوگا۔اس بات کی شرط ہے کہ دنیا کی کسی بھی کتاب میں یہ عمل آج سے پہلے درج نہیں ہوا ہوگا اور اس کا تعلق سراسر نورانی کلام یعنی قرآن مجید سے ہے۔جس کے ایک ایک حرف پر دس دس نیکیاں ملتی ہیں۔اور کام بھی اپنا ہی ہوتا ہے۔اس لئے اگر کوئی فرد عروج ماہ والے دن پہلے حرف کو اسی کی تعداد میں پڑھے اور انتیس دنوں تک اسی پر مداومت کرتا جائے تو اس کی زبان کے اندر ایسی تاثیر پیدا ہوگی کہ جو بات بھی منہ سے نکالے گا اللہ تبارک وتعالیٰ اسے ضرور پورا فرمائیگا اس کی زبان کے اندر کن کا کمال پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ مستجاب الدعا ہوگا اور اپنے علاوہ جس کسی کیلئے بھی کوئی دعا کریگا اللہ ضرور پوری فرمائیگا۔لیکن اس عمل کو شروع کرنے سے پہلے کامل پرہیز جلالی و جمالی ضرور کرے اس سے عمل میں سو فیصد کامیابی کے نتائج برآمد ہوتے ہیں۔اور کوئی بھی اس طریقے پر عمل کر کے اس عمل کا باآسانی عامل بن سکتا ہے۔پھر بوقت ضرورت اسے کسی بھی کام میں استعمال کیا جاسکتا ہے ان حروف کے تابع روحانی نورانی مخلوق اس کے پڑھنے والوں کی مدد کرتی ہے اور اسے حاسدوں ودشمنوں سے بچاتی ہے۔اگر کوئی اس عمل کا عامل نہ بھی بننا چاہے تو صرف چاند کے پہلے دن سے لے کر آخری دن تک ہر حرف کو مع آیت کے اپنے مقصد کے حساب سے اسی کے حروف ابجد کی تعداد میں پڑھتا جائے اور خود اپنی آنکھوں سے مشاہدہ فرمالے کہ جو کام دنیا میں ناممکن بن چکا تھا وہ اس پاک کلام کے کامل نسخے سے کیسے سرانجام پا گیا آگے ہر کسی کی ہمت ومحنت ہے۔عوام الناس کی سہولت کیلئے اسی عمل کے آگے مختلف طریقہ کار درج کئے ہیں جس سے کوئی بھی بغیر کسی پرہیز یا شرط کے اپنے متعلقہ کام کو دیکھتے ہوئے اس عمل کا آغاز کردے اور کامیاب ہونے کے بعد مصنف کتاب کو دعاؤں سے نوازے۔

حروف مقطعات کے لاثانی نقوش

یہاں جتنے بھی نقوش لکھے ہیں یہ دنیا کی کسی بھی کتاب میں درج نہیں ہونگے ان نقوش کے خواص واثرات بالکل ایسے ہیں جیسے ایک بجلی کی تار میں کرنٹ ہوتا ہے اور جس رفتار سے بھاگتا ہے بالکل ایسے ہی ان نقوش کے خواص واثرات ہیں اب اگر کوئی بھی نقش کے اوپر لکھے گئے خواص کے مطابق استعمال کریگا تو وہ اللہ کے حکم سے اثرات محسوس کرتے ہوئے اس مقصد میں بھی سو فیصدی کامیاب ہوگا۔ جس مقصد کیلئے اس نقش کو استعمال کیا جائیگا۔ ہمیشہ کی طرح ان پاک نقوش کو بھی نیک مقاصد میں استعمال کرنے کیلئے زعفران کا استعمال کرنا ہوگا۔ اور جیسے آگے موقع کی مناسبت سے جو کچھ بھی لکھا ہوگا ویسے ہی کرنا ہوگا اللہ کے حکم سے جس مقصد کیلئے ان نقوش کو استعمال کیا جائیگا اللہ رب العزت وہ کام ضرور کریگا جس میں خالصتاً نیک نیتی رکھتے ہوئے ان اعمال کو کیا جائیگا۔ ایک بات ضرور یاد رکھیں کہ ان نقوش کی کسی بھی قیمت پر بے حرمتی یا بے ادبی نہ کریں اور اگر گلے یا بازو میں پہننے والا نقش ہو تو اسے احتیاط سے غسل خانے جانے سے پہلے ضرور اتار دیں کوشش اسی بات کی کریں کہ نقش کو اتار دیا جائے اور اگر یاد نہ رہے تو کوئی حرج نہیں کیونکہ اگر کوئی بھی کام اچانک سرزد ہو جائے تو اللہ معاف فرماتا ہے اور اگر کسی بھی کام کو جان بوجھ کر کیا جائے تو اس میں نیت دیکھتے ہوئے اللہ تعالیٰ سزا یا جزا دیتا ہے یہ انتہائی پاک نقوش ہیں اور ان کی ہر حال میں عزت وعظمت جانتے ہوئے پرہیز کے ساتھ خوشبو میں معطر رکھتے ہوئے ان کا استعمال کیا جائے اللہ کے حکم سے نقش میں قدرتی طور پر اثر پیدا ہوگا۔ اگر کوئی انگشتری والے نقش کا استعمال کرے تو اپنی زبان پر بھی قابو رکھے۔

رزق وکاروبار فراخ ہو

اگر کسی کی دکان زیادہ نہ چلتی ہو یا کسی بدعمل کے زیر سایہ ہو تو اس نقش کو بدھ والے دن بوقت سورج طلوع کے مٹی کے کورے ٹھیکرے پر کالی روشنائی سے لکھے اور اس کے نیچے اپنا مختصر سا مقصد بھی لکھے اور اسے مٹی کے گھڑے میں ڈال دے پھر اپنے تمام گاہکوں کو اس میں سے پانی نکال کر پلائے اگر شربت یا اس سے متعلقہ کوئی میٹھی شے بھی پلانی ہو تو اس میں اس پانی کو ملا کر دیا کرے اللہ کے حکم سے اس نورانی کلام و عمل کی بدولت جو گاہک یہاں آئیں گے وہ دوبارہ پھر ان کی دکان سے اشیاء خرید نے کا قصد کریں گے۔ لیکن اس کے ساتھ اس عمل کو اس کے ساتھ کرنا ہوگا کہ ایک عدد نقش کو اس کے اگلے دن یعنی جمعرات کے روز بوقت سورج طلوع کے سفید کاغذ پر زعفران سے لکھے اور اسے اپنی دکان کے سامنے لگائے جہاں تمام گاہکوں کی نظر پڑے پھر اکیس دنوں تک اس نقش کی آیت مع حرف کے آگے حروف ابجد کی تعداد میں درج ہے اسے بعد نماز عشاء پڑھے اور اپنے مقصد کی اللہ سے دعا کرے اگر اتنا پڑھنا ممکن نہ ہو تو اپنے نام کے حروف ابجد کی تعداد میں اسے پڑھے اللہ کے حکم سے کاروبار زیادہ چلے گا اور اس میں ترقی کے زیادہ آثار پیدا ہونگے۔ انشاء اللہ

الم ۷۱ ۳۰ ۴۰ الم

ريب	لا	الكتاب	ذلك
فيه	ريب	لا	الكتاب
هدى	فيه	ريب	لا
للمتقين	هدى	فيه	ريب

الم ۷۱ ۳۰ ۴۰ الم

ہر نقصان سے بچنے کیلئے

اگر کسی کا دنیاوی معاملات میں ہر مرتبہ نقصان در نقصان ہوتا ہو اور اس کی کوئی صحیح وجہ بھی سامنے نہ آرہی ہو یا کوئی دشمن یا حاسد اپنے بد اعمال سے نقصان و پریشانی میں ہر وقت مبتلا رکھتا ہو تو اس نقش کو تین عدد زعفران سے نوچندی جمعرات کے روز بعد نماز عشاء سفید کاغذ پر لکھے ایک کو اپنے گھر یا کاروباری مقام پر چوکھٹ کے اوپر لگائے دوسرے کو اپنے گلے میں باندھے اور تیسرے کو مٹی کے گھڑے میں ڈال کر احتیاط سے اپنے گھر یا کاروباری مقام کی در و دیوار پر چھینٹے لگائے اللہ کے حکم سے انسانی یا غیر انسانی مخلوق کے زور پر کیا ہوا نقصان ہمیشہ کیلئے باطل ہوگا۔ پھر اسی نقش کی آیت کو اپنے گھر یا کاروباری مقام پر سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھوائے اور کسی میٹھی شے کو غریبوں میں تقسیم کرے نقصانات، جادو، ٹونہ، آسیب و سحر ہمیشہ کیلئے اس گھر کی جان چھوڑ دیں گے۔ اگر کوئی بچہ یا بڑا ویسے ہی پریشان رہتا ہو اور اسے حادثات پیش آتے ہوں تو اس کے گلے میں اس نقش کو اسی کے صاف کپڑے پر کالی روشنائی سے لکھ کر اسے کے گلے میں باندھے اور دوسرے کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر پانی میں ڈال کر اس کا پانی پلائے اللہ تعالیٰ ہر ضرر رساں شے سے محفوظ فرمائیگا۔

الٓمٓ ۷۸۶ الٓمٓ

الا	اله	لا	الله
هو	الا	اله	لا
الحی	هو	الا	اله
القیوم	الحی	هو	الا

۷۸۶ ۷۸۶

الٓمٓ ۷۸۶ الٓمٓ

نظر بد کا خاتمہ

اگر کوئی بچہ یا بڑا ہمیشہ بدنظری کا شکار رہتا ہو تو اس نقش کو نوچندی اتوار کو عصر اور مغرب کے درمیان سفید کاغذ پر زعفران سے لکھے اور مریض کے گلے میں پاک کالے چمڑے میں محفوظ کروا کر باندھے اور اگر گائے بھینسوں کو نظر بد ہو تو اسی نقش کو کالی سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھے اور شیشے کے فریم میں جانوروں کے رہنے والی جگہ پر درمیان میں لٹکا دے بدنظری کا مکمل خاتمہ ہوگا۔

المص

کتب انزل	الیک فلا	یکن فی	صدرک حرج
الیک فلا	یکن فی	صدرک حرج	منہ لتنذر
یکن فی	صدرک حرج	منہ لتنذر	بہ وذکری
صدرک حرج	منہ لتنذر	بہ وذکری	للمومنین

المص

ناجائز ضد کا خاتمہ

اگر کوئی بچہ یا بڑا ہر کام میں ناجائز بضد ہو جاتا ہو اور کسی کی بھی صحیح بات کا اس پر اثر نہ ہوتا ہو تو اس نقش کو دو عدد سفید کاغذ پر زعفران سے لکھے ایک کو متعلقہ بچے یا بڑے کے گلے میں باندھے اور دوسرے کو کسی میٹھی شے میں ڈال کر پلائے۔

الر

تلک ایت	الکتب
الکتب	الحکیم

الر

مشترکہ بیماریوں سے نجات

اس نقش کو ہر قسم کی بیماری سے نجات حاصل کرنے کیلئے ایک کو مریض کے گلے میں پہنائے اور دوسرے کو چینی کے پیالے پر کالی سیاہی سے لکھ کر چوبیس گھنٹے اسی میں سے پانی پلایا جائے اللہ کے حکم سے مریض کی سو بیماریوں کا خاتمہ ہوگا گلے میں پہننے والے نقش کے نیچے مختصر سا مقصد بھی ضرور لکھا جائے۔

الٓر

کتب	احکمت	ایتہ ثمر	فصلت
احکمت	ایتہ ثمر	فصلت	من لدن
ایتہ ثمر	فصلت	من لدن	حکیم
فصلت	من لدن	حکیم	خبیر

الٓر

حمل محفوظ ہو

اگر کوئی عورت حاملہ ہو اور اس پر کوئی جادو یا بد عمل کرتا ہو جس سے اس کی اور بچے کی جان خطرے میں ہو تو اس نقش کو یا موقع پر پانی میں ڈال کر پلایا جائے یا اگر حمل کے تین ماہ گزرنے کے بعد ایک گلے میں پہنایا جائے اور دوسرا پانی میں پلایا جائے۔

الٓر

تلك ایت	الکتب
الکتب	المبین

الٓر

ایک نقش کئی کام

اس نقش کے بے بہا فوائد ہیں لیکن ہر کام میں اس نقش کو استعمال کرنے کیلئے زعفران کا استعمال ضرور کرنا ہوگا۔ اگر اس نقش کو دکان یا کاروباری مقام پر لگایا جائے تو کاروبار فراخ ہوگا اور گاہک زیادہ آئیں گے۔ اگر بیمار کے گلے میں پہنایا جائے تو بیمار اسی وقت بالکل ٹھیک ہوگا۔ اگر اس نقش کو سواری یا سوار اپنے پاس رکھے تو اسے کسی بھی حادثے کا سامنا نہیں ہوگا۔ اگر اس نقش کو اپنے گھر میں سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر چوکھٹ کے اوپر لگایا جائے تو گھر ہر قسم کی آفات و بلیات سے محفوظ ہوگا۔ دکان میں اس نقش کو روپے رکھنے والی جگہ پر رکھا جائے تو اس کے روپے کبھی چوری نہیں ہونگے اور ان میں برکت ہوگی۔ ہر قسم کے جادو ٹونے آسیب وسحر سے ہمیشہ کیلئے محفوظ رہنے کیلئے اس نقش کو اپنے گلے میں پہننا چاہئے۔

المر

تلک	ایت	الکتب	الذی	انزل	الیک	من
ایت	الکتب	الذی	انزل	الیک	من	ربک
الکتب	الذی	انزل	الیک	من	ربک	الحق
الذی	انزل	الیک	من	ربک	الحق	ولکن
انزل	الیک	من	ربک	الحق	ولکن	اکثر
الیک	من	ربک	الحق	ولکن	اکثر	الناس
من	ربک	الحق	ولکن	اکثر	الناس	لایومنون

المر

ہر بیماری کا خاتمہ

اگر کوئی فرد بہت زیادہ بیمار ہو یا وہ کسی ایسی بیماری میں مبتلا ہو جو لا علاج بن گئی ہو تو اس نقش کو روزانہ دن کے تین حصوں میں تازہ زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور گلاب کے عرق میں بھگو دے دوسرا نقش استعمال کرنے سے پہلے کا پانی پئے اور اس نقش کو بھی نگل جائے اسی طرح تین نقوش کو روزانہ پانی میں ڈال کر استعمال کرے اور اس نقش کو بھی نگل جائے اس عمل کو سات دن کرنے کے بعد آٹھویں روز اس نقش کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر مریض اپنے گلے میں باندھے پھر کسی ڈاکٹر سے رجوع کرے اللہ کے حکم سے جس بیماری میں بھی مبتلا ہو گا اس کا روحانی طور سے علاج ہو گا اور مریض کی بیماری کا خاتمہ ہو گا۔ اس عمل کو ایسی خواتین بھی کر سکتی ہیں جن کے ہاں اولاد نہ ہو رہی ہو یا حمل قائم ہوتا ہو لیکن بعد ولادت کے بچہ زندہ نہ بچتا ہو اللہ کے حکم سے ماں اور بچہ دونوں صحیح سلامت رہیں گے۔

الرا ۲۳۱ الر

كتب	انزلنه	اليك	لتخرج	الناس	من	الظلمت
انزلنه	اليك	لتخرج	الناس	من	الظلمت	الى النور
اليك	لتخرج	الناس	من	الظلمت	الى النور	باذن
لتخرج	الناس	من	الظلمت	الى النور	باذن	ربهم
الناس	من	الظلمت	الى النور	باذن	ربهم	الى صراط
من	الظلمت	الى النور	باذن	ربهم	الى صراط	العزيز
الظلمت	الى النور	باذن	ربهم	الى صراط	العزيز	الحميد

الرا ۲۳۱ الر

درستگی ہاضمہ

ہاضمے سے متعلق مرض کے خاتمے کیلئے اس نقش کو مٹی کی ہانڈی کے اندر لکھے اور اس میں جو بھی کھانے والی شے ہو وہ پکائے اور صرف مریض کھائے دوسرے کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھے اور اسے پانی میں ڈال کر اس کا پانی پیئے پھر تیسرے کو مریض گلے یا بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے ہاضمے سے متعلق تمام امراض کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی پیٹ یا گیس کے امراض میں مبتلا ہو تو وہ بھی اس عمل کی بدولت شفائے کاملہ حاصل کر سکتا ہے۔ انشاءاللہ

طٰہٰ

ما انزلنا	عليك القران
عليك القران	لتشقى

طٰہٰ

دشمن مغلوب ہو

اپنے دشمنوں پر غلبہ اور ان پر فتح حاصل کرنے کیلئے اس نقش کو دریا یا نہر کے کنارے پر جا کر زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور اپنے تمام دشمنان و حاسدوں کے نام مع والدہ نقش کے نیچے لکھے۔

طٰسٓمٓ

تلك	ايت الكتب
ايت الكتب	المبين

طٰسٓمٓ

تسخیر مخلوق

اگر کوئی فرد یہ چاہتا ہو کہ دنیا کا ہر انسان کی عزت واحترام کرے تو اس نقش کو نوچندی جمعرات کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور ایک عدد پتھر مرجان کے نیچے کسی چپکنے والی شے سے چپکا کر چاندی کی انگوٹھی میں محفوظ کروا کر اسے اپنے سیدھے ہاتھ والی کسی بھی انگلی میں پہنے اللہ کے حکم سے جو کوئی بھی اس کو دیکھے گا وہ اس کی عزت و احترام کریگا لیکن اس صورت میں یہ زیادہ مغرور نہ ہو۔

طس طس

تلك	ايت القران
ايت القران	وكتاب
وكتاب	مبين

طس طس

تسخیر افسران

اگر کوئی ملازم پیشہ فرد ہو اور اس کے افسران اس کے ساتھ اچھا سلوک نہ کرتے ہوں تو اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اس کے نیچے اپنے افسران کا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے۔

طسم طسم

تلك	ايت الكتاب
ايت الكتاب	المبين

طسم طسم

ہر کام میں برکت

دنیاوی کاموں میں فتح اور اس میں برکت حاصل کرنے کیلئے اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اگر برکت گھر یا کاروباری مقام پر کرنے کا ارادہ ہو تو اسی نقش کو گھر یا کاروباری مقام پر زعفران سے لکھ کر چوکھٹ کے اوپر لگائے اس عمل کی بدولت گھر یا کاروباری مقام پر اللہ کی رحمت کے ساتھ برکت بھی ہوگی اور گھر ہر مصیبت اور آفت سے محفوظ رہیگا۔ انشاءاللہ

الم

احسب	الناس	ان یترکوا	ان یقولوا
الناس	ان یترکوا	ان یقولوا	امنا
ان یترکوا	ان یقولوا	امنا	وھم
ان یقولوا	امنا	وھم	لا یفتنون

الم

ہر کوئی سلوک و محبت سے رہے

گھر میں ہر طرح کا سکون اور آپس میں محبت قائم کرنے کیلئے اس نقش کو ہر کھانے و پینے والی شے میں ملا کر گھر کے تمام افراد کو کھلائے اور پلائے گھر میں رہنے والے تمام افراد آپس میں اتفاق اور سلوک سے رہیں گے۔ انشاءاللہ

الم

غلبت	الروم
الروم	غلبت
غلبت	الروم

الم

اولاد حکم مانے

اگر کسی کی اولاد اپنے والدین سے بدتمیزی کرتی ہو اور ان سے ناجائز خواہشات کی تکمیل چاہتی ہو تو اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے کسی بھی میٹھی شے میں ملا کر پلایا جائے اور دوسرے کو جتنے بھی بچے ہوں ان کے گلے میں زعفران سے لکھ کر پہنایا جائے اللہ کے حکم سے بچے اپنی ناجائز خواہشات کا خاتمہ کرتے ہوئے اپنے والدین کی عزت کریں گے۔ انشاءاللہ

الٓمٓ

فیه	لاریب	الکتاب	تنزیل
من	فیه	لاریب	الکتاب
رب	من	فیه	لاریب
العلمین	رب	من	فیه

الٓمٓ

درد کان وناف

اس نقش کو زعفران سے لکھ کر زیتون کے تیل میں ڈال دے اور اس تیل کے قطرے مریض کے کان میں ڈالے اور اگر ناف ہو تو اس تیل کی مالش پیٹ پر کرے اللہ کے حکم سے کان اور ناف کے جملہ امراض میں شفاء حاصل ہوگی۔

الٓمٓ

لاریب	الکتب	تنزیل
فیه من	لاریب	الکتب
رب العلمین	فیه من	لاریب

الٓمٓ

دردسر وشقیقہ

اگر کوئی سر درد یا درد شقیقہ میں مبتلا ہو تو اس نقش کو ایک عدد کالی روشنائی سے چینی کی پلیٹ پر لکھے اور اس میں زیتون کا تیل ڈال دے دوسرے نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے اپنے گلے یا بازو پر باندھے پھر اس تیل کی مالش اپنے سر پر روزانہ صبح نہار منہ کیا کرے اگر کوئی واضح فرق محسوس نہ ہو تو ایک عدد نقش لکھ کر اسے پانی میں ڈال کر اس کا پانی پئے اللہ کے حکم سے سر درد اور درد شقیقہ کا جڑ سے خاتمہ ہو گا۔

یٰس

حٰم

والقران	الحکیم
الحکیم	والقران
والقران	الحکیم

حٰم

یٰس

ٹی بی اور مہلک امراض کا خاتمہ

ٹی بی اور مہلک قسم کے تمام امراض کے خاتمے کیلئے اس نقش کو ایک عدد گلے میں باندھا جائے اور دوسرے کو گلاب کے عرق میں ڈال کر پیا جائے۔

صٓ

ہ

والقران	ذی	الذکر
الذکر	القران	ذی
ذی	الذکر	القران
القران	ذی	الذکر

ہ

صٓ

ہیضہ

اگر کسی کو ہیضے کا عارضہ لاحق ہو جائے اور کسی بھی دوا سے علاج نہ ہو رہا ہو تو اس نقش کو بوقت صبح سورج طلوع کے زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے اسی وقت گلاب کے عرق کی بوتل میں ڈال دے اور اس عرق کو صبح نہار منہ ضرور استعمال کرنے کے بعد دن کے کئی حصوں میں اس کا استعمال کرے اور ایک عدد نقش کو اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے ہیضے کا خاتمہ ہوگا۔

صٓ

تنزیل	الکتب	من الله
الکتب	من الله	العزیز
من الله	العزیز	العلیم

صٓ

بواسیر خونی وبادی

اس نقش کو زعفران سے مغرب اور عشاء کے درمیان سفید کاغذ پر لکھا جائے اور اسے گلے میں باندھے اور دوسرے نقش کو بالترتیب اگلے دن لکھ کر اسے پانی میں ڈال کر اس کا پانی پیئے اللہ نے چاہا تو بواسیر کا جڑ سے خاتمہ ہوگا اور آئیندہ کیلئے بھی اس مرض سے محفوظ ہوگا۔ انشاءاللہ

حٰم حٰم

تنزیل من	الرحمن
الرحمن	الرحیم

حٰم حٰم

تلی وجسمانی دردوں کا علاج

اس نقش کو کسی بزرگ یا شہید کے مزار پر جا کر سفید کاغذ پر زعفران سے لکھے اور اسے سرسوں کے تیل میں ڈال کر اس تیل کی مالش ہفتے میں ایک دن اپنے پورے جسم پر کرے کم ازکم تین گھنٹے اس تیل کو اپنے جسم پر لگا رہنے دے پھر غسل کرے ایک ہفتہ اس عمل کو کر لینے کے بعد پھر اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اسے اپنے گلے میں اپنی بیماریوں کے نام اور ان کے خاتمے کا مختصر سا مقصد لکھے اور گلے میں باندھے۔

حمٓ ۴۸ ۶۷ عسٓقٓ ۱

كذلك	يوحى	اليك والى	الذين من
يوحى	اليك والى	الذين من	قبلك
اليك والى	الذين من	قبلك	الله العزيز
الذين من	قبلك	الله العزيز	الحكيم

حمٓ ۴۸ ۶۷ عسٓقٓ ۱

خارش وپھنسیوں کا علاج

اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر کالی سیاہی سے لکھے اور اس میں زیتون کا تیل ڈال کر متاثرہ حصے پر اس تیل کی مالش کی کرے اور اس نقش کو گلے میں باندھے۔

حمٓ

۷ ح

والكتب	المبين
المبين	الكتب
الكتب	المبين

۷ ح

حمٓ

صاحب اولاد بننا

اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہو رہی ہو تو اس نقش کو دونوں میاں بیوی بروز جمعرات انڈے کو ابال کر اس کا چھلکا اتار کے اس پر زعفران سے اس نقش کو تحریر کریں اور آدھا آدھا دونوں میاں بیوی کھائیں پھر ہم بستری کریں اس عمل کو ہفتے میں ایک دن ضرور کیا کریں اور اس نقش کو پانی میں ڈال کر دونوں اس کا پانی استعمال کریں اللہ کے حکم سے اللہ ان کو ضرور اولاد بخشے گا۔

تنزیل	الکتب	من اللہ
الکتب	من اللہ	العزیز
من اللہ	العزیز	الحکیم

بانجھ پن

اگر کوئی عورت حمل قائم کرنے کے لائق نہ رہی ہو تو اس عمل کو کرے اللہ اپنی رحمت ضرور اس عورت پر فرمائیگا اس نقش کو دو عدد زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے ایک کو اپنے گلے میں باندھے اور دوسرے کو دودھ میں ڈال کر صبح نہار منہ اس دودھ کو پیا کرے اللہ کی رحمت بہت وسیع ہے اور وہ جو چاہے سو کر سکتا ہے۔

ق

والقرآن	المجید
المجید	القران
القران	المجید

ق

ختم شریف حروف مقطعات

دنیاوی معاملات میں درپیش مشکلات ومصائب کا مکمل اور جڑ سے خاتمہ کرنے کیلئے اس عمل کو جو کوئی بھی کریگا وہ اللہ کے حکم سے سو فیصدی کامیاب ہوگا اور اس عمل کے ذریعے اللہ رب العزت ضرور فائدہ پہنچائے گا اور اس مشکل و مصیبت سے ضرور نجات دلوائیگا جس سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے اس عمل کو کیا جائیگا۔ انشاء اللہ اس ختم کا آغاز نوچندی جمعرات والے دن سے کیا جائیگا اور ایک ہی فرد حروف مقطعات کی آیات کو مع حروف کے (53275) مرتبہ سات دن گیارہ دن اکیس دن یا اکتالیس دنوں تک پڑھے اور روزانہ کوئی میٹھی شے غریبوں یا بچوں میں ضرور تقسیم کرے اللہ کے حکم سے تعداد ختم بھی نہیں ہوگی کہ مشکل یا مصیبت کا مکمل خاتمہ ہو چکا ہوگا اگر اکیلا فرد اس عمل کو نہ کر سکے تو طاق تعداد میں اپنے ساتھ کسی پاک و پرہیز گار آدمی کو شامل کر سکتا ہے اگر کوئی اس عمل کا عامل بننا چاہے تو ان حروف کو مع آیات سوا لاکھ کی تعداد میں پرہیز جلالی و جمالی پر کاربند رہتے ہوئے پڑھے اس عمل کا عامل بن جائیگا پھر بوقت ضرورت جس مقصد یا کام کی غرض سے اسے پڑھے گا وہ کام فوراً سر انجام پائیگا اور اللہ تعالیٰ اس میں اپنی رحمت شامل کریگا انشاء اللہ مستجاب الدعا و بددعا بننے کیلئے بھی اسی عمل کو کرے اللہ کے حکم سے زبان میں ایسی تاثیر پیدا ہوگی کہ جو کچھ بھی زبان سے نکلے گا اللہ رب العزت انکار نہیں فرمائیگا بلکہ وہ کام زبان سے نکلتے ہی پورا ہوگا۔ اسی طرح بڑی سے بڑی حاجت اور تمام قسم کی مشکلات و مصائب کے خاتمے کیلئے اس عمل کو کرے اللہ تعالیٰ ثواب و نیکیاں دینے کے ساتھ ساتھ اس کام کو بھی پورا فرمائیگا جس مقصد کیلئے اس پڑھائی کو شروع کیا ہوگا۔

پڑھائی میں ترقی ہو

اگر کوئی بچہ یا بڑا کند ذھن ہو اور جو کچھ بھی یاد کرتا ہو اسے بھول جاتا ہو تو اس نقش کو دو عدد زعفران سے لکھے اور ایک کو اپنے گلے میں باندھے اور دوسرے کو پانی میں ڈال کر اس پانی کو استعمال کرے اللہ کے حکم سے اس کا ذھن تیز ہوگا۔ اگر کوئی امتحان میں کامیاب ہونا چاہتا ہو تو اس نقش کو بوقت صبح سورج طلوع کے سورج کے سامنے بیٹھ کر اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے باریک شکل میں موڑ کر اسے اپنے لکھنے والے قلم کے اندر رکھ لے اور اپنے پاس ایسا قلم بھی رکھے جو لکھتا نہ ہو پھر اس سے امتحانی پرچے پر اس آیت کو لکھے اور جس کے اندر اس نقش کو رکھا ہو اس کے ساتھ پرچہ تحریر کرے اللہ کے حکم سے امتحان میں غیبی امداد حاصل ہوگی۔ ایک عدد نقش کو اپنے سیدھے بازو پر بھی باندھے اگر کسی کی بولتے ہوئے زبان لکنت کا شکار ہوتی ہو تو اس نقش کو ایک عدد اپنے گلے میں باندھے اور دوسرے کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی استعمال کرے اللہ کے حکم سے اس کی زبان صحیح ہوگی اور وہ الفاظ کو صحیح بیان کریگا۔ پڑھائی میں ذھن تیز رکھنے کیلئے اس نقش کو گلاب کے عرق میں ڈال کر اس عرق کو پینا نہایت فائدہ مند ہے۔

نٓ

والقلم	وما	یسطرون
یسطرون	والقلم	وما
وما	یسطرون	والقلم
والقلم	وما	یسطرون

نٓ

دل کی بیماریاں

اگر کسی کے دل کے بال بند ہو جائیں یا دل سے متعلقہ کوئی بھی بیماری ہو تو اس نقش کو زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھے اور اسے گلاب کے عرق سے دھو کر پی جائے پھر اپنی انگلی پر تھوڑا سا شہد لگائے اور اسی آیت کو ایک سو کی تعداد میں پڑھ کر اپنی انگلی پر لگا کر شہد پر دم کرے اور اسے کھائے پھر اس نقش کو دوبارہ زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے اپنے دل کے مقام پر باندھے۔

الر

تلك ايت	الكتب
الكتب	وقران
وقران	مبين

الر

رعشہ ختم

بلغم اور رعشے کے مکمل خاتمے کیلئے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اور اس آیت کو نمک پر دم کر کے صبح نہار منہ ایک چٹکی کھائے۔

كهيعص

ذكر	رحمت ربك
رحمت ربك	عبده
عبده	زكريا

كهيعص

مرض سوکھا کا خاتمہ

یہ ایسا بے مثال قسم کا عمل ہے کہ جس کی بدولت اگر بچہ یا بڑا سوکھا پن کا شکار ہوا ہو تو اللہ کے حکم سے ایک ہی مرتبہ کے علاج سے بالکل صحتمند اور تندرست ہوگا انشاء اللہ اب اگر کوئی بھی مریض ہو تو اس کو یا اس کے گھر والوں کو حکم دیا جائے کہ ایک عدد لٹھے کا سات گز کپڑا سفید رنگ کا لیا جائے اور عمل شروع کرنے سے پہلے مریض کو تازہ غسل کروا کر اس لٹھے سے اس کا سارا جسم ڈھانپا جائے اور خود صاحب عمل (بِسۡمِ اللّٰہِ الرحمن الرحیم الٓمّٓ ذٰلِکَ الۡکِتٰبُ لَا رَیۡبَ فِیۡہِ ھُدًی لِّلۡمُتَّقِیۡنَ) پڑھتا جائے اگر اس کو مریض کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھ کر دم کیا جائے تو بہتر ہے ورنہ اتنا پڑھے جس سے مریض کو کوئی تکلیف نہ پہنچے بعد دم کرنے کے اس کپڑے کو اتار کر مریض کو غسل کروایا جائے اور جس پانی سے غسل کروایا جائے وہ سات نلوں کا پانی ہو یعنی مختلف مقامات سے سات علیحدہ علیحدہ جگہوں سے پانی لایا جائے اور اس پانی میں اس نقش کو ڈال دیا جائے لیکن اس بات کی ضرور احتیاط کی جائے کہ اس پانی کی بے ادبی کسی بھی صورت میں نہ ہو اور جس پانی سے غسل دیا جائے اسے پودوں میں ضرور ڈال دیا جائے پھر ایک عدد یہی نقش مریض کے گلے میں زعفران سے لکھ کر پہنایا جائے اللہ کے حکم سے سارا سوکھا پن اس پودے اور اس کپڑے میں چلا جائیگا کپڑے کو چلتے پانی میں بہایا جائے۔

مسان و بانجھ پن

اگر کسی عورت کا حمل بار بار ساقط ہو جاتا ہو یا اسے کسی نے مسان کھلائے ہوں یا اس پر کوئی جادو کا وار چلاتا ہو یا بعد پیدائش کے بچہ فوت ہو جاتا ہو یا بذریعہ بد اعمال عورت بانجھ پن کا شکار ہو گئی ہو یا پیدائش میں کوئی بھی رکاوٹ ہمیشہ آڑے آتی ہو تو اس عمل کو اس طرح کیا جائے ہ عورت کو تازہ غسل کروا کر خود اس کے سامنے بیٹھ کر پانچ اگر بتیاں جلا کر (بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ) کو (473) مرتبہ پڑھ کر اس عورت پر دم کرے اور چلتے دریا کے درمیان سے اتنا پانی لائے جس سے اس عورت کو با آسانی غسل دیا جا سکے اس پانی کو دم کرنے سے پہلے آگ پر رکھ کر گرم کیا جائے اور جب اتارنے کا ارادہ ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اس پانی میں ڈال کر پانچ منٹ کے بعد باہر نکالے اور اسے علیحدہ کسی جگہ پر رکھے اور اس پانی کی بے ادبی کئے بغیر غسل دے اور جس نقش کو پانی میں ڈالا تھا وہ عورت کو نگلوا دے پھر اس غسل شدہ پانی کو پودوں یا کسی درخت کی جڑ میں ڈال دے اور ایک عدد نقش کو اس عورت کے گلے میں باندھ دے اور ایک عدد نقش کو دوبارہ زعفران سے لکھ کر اسے گلاب کے عرق کی بوتل میں ڈال دے اور صبح نہار منہ عرق پیا جائے اللہ کے حکم سے اوپر جتنے امراض لکھے ہیں ان سب کا خاتمہ ہوگا۔

جنات وغیر انسانی مخلوق

اگر کسی کے گھر میں جنات یا کوئی غیر انسانی مخلوق رہتی ہو اور کسی بھی طریقے سے جان نہ چھوڑتی ہو تو اس عمل کو کرے بفضل خدا جنات اس جگہ کو چھوڑ کر وہاں سے چلے جائیں گے۔ روزانہ اپنے گھر میں حرمل و گوگل پر ایک سو کی تعداد میں (بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٓمّٓصٓ کِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَیْکَ فَلَا یَکُنْ فِیْ صَدْرِکَ حَرَجٌ مِّنْہُ لِتُنْذِرَ بِہٖ وَذِکْرٰی لِلْمُؤْمِنِیْنَ) پڑھ کر دم کرے اور انہیں کوئلوں پر رکھ کر اس کی دھونی اپنے گھر میں دے اور اس نقش کو جتنے گھر کے کمرے ہوں ان سب کی چوکھٹ کے اوپر لگانے کے حساب سے اتنی تعداد میں خوبصورت زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور انہیں شیشے کے فریم میں محفوظ کروا کر چوکھٹوں کے اوپر لگائے اللہ کے حکم سے جنات یا کوئی بھی غیر انسانی مخلوق اس کے اندر داخل نہیں ہو سکے گی اور نہ ہی کسی بھی گھر کے فرد کو پریشان کریگی۔ اگر اسی آیت کو روزانہ اپنے گھر کے کونوں میں سات سات مرتبہ پڑھ کر دم بھی کیا جائے تو اثرات دوہرے ہونگے۔

جسمانی و روحانی امراض

اگر کوئی زبردست قسم کی بیماری کی لپیٹ میں آیا ہو یا اس پر کوئی مسلسل جادو یا بداعمال کرواتا ہو جس سے جسمانی بیماری جان نہ چھوڑتی ہو تو صنوبر کی چھال پر ایک ہی جلسے میں (بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ الٓرٰ تِلۡکَ اٰیٰتُ الۡکِتٰبِ الۡحَکِیۡمِ) کو (1654) مرتبہ اس چھال پر دم کرے اور اسے پاک و صاف مقام پر آگ پر جلا کر خاکستر کرے اور اس راکھ کو محفوظ کر لے پھر اس راکھ کو کھرل میں ڈال کر سفوف کی شکل بنائے اور صبح نہار منہ اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھے اور اپنے مزاج کے مطابق شربت کے ساتھ چینی کی پلیٹ والے نقش کو دھو کر استعمال کرے اس عمل کو اگر دن کے تین حصوں میں کیا جائے تو اللہ رب العزت ایسی تمام بیماریوں سے نجات دے گا جن کے علاج ناممکن ہوتے ہیں۔ پھر اس نقش کو ایک بڑے سے سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اپنے سامنے ایسی جگہ لگائے جہاں ہر وقت نظر پڑتی ہو اور ایک کو اپنے گلے یا بازو پر باندھے پہلی تکالیف کا خاتمہ ہوتے ہوئے آئیندہ کیلئے ہر قسم کی جسمانی و روحانی بیماری سے محفوظ ہوگا اس نقش کو کسی بھی جسمانی یا روحانی بیماری میں استعمال کیا جا سکتا ہے اور اس کو پانی میں ڈال کر پینے سے بھی روحانی شفاء حاصل ہوتی ہے۔ انشاء اللہ

جادوئی اثرات سے ہمیشہ محفوظ

اگر کوئی بھی فرد یا عورت ہمیشہ جادو یا بداعمال سے مغلوب ہو جاتا ہو اور اسے کافی نقصان پہنچتا ہو جس سے زندگی میں ایک پل بھی سانس لینا مشکل ہو گیا ہو تو اللہ کی کامل حمت پر بھروسہ رکھتے ہوئے اس عمل کو ایسے کرے کہ روزانہ عشاء کی نماز مسجد میں ادا کرے اور وتر پڑھنے کے بعد (بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ الٓرٰ كِتٰبٌ اُحۡكِمَتۡ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتۡ مِنۡ لَّدُنۡ حَكِيۡمٍ خَبِيۡرٍ) کو (3742) مرتبہ پڑھ کر بعد میں دو نفل پڑھے اور سجدے میں اللہ سے دعا مانگے بعد اس عمل کے جو اگلی نوچندی جمعرات آئے تو عشاء کی نماز مسجد میں ادا کرنے سے پہلے اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اس کے نیچے اپنا نام مع والدہ اور اپنا مختصر سا مقصد لکھ کر اسے اپنے گلے یا بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے اللہ تعالیٰ اس کے دشمنوں اور حاسدوں کا انجام خود اس کو اس کی آنکھوں سے دکھا دیگا اس عمل کو کم از کم اکتالیس دن مسجد میں کرنے کے بعد اپنے گھر میں بھی کر سکتا ہے ہو سکتا ہے کہ بعض افراد کو پہلے پہل اس عمل کو کرنے میں کوئی دقت پیش آئے لیکن جیسے جیسے اس پاک عمل کا آغاز کریگا اللہ تعالیٰ خود اس کا حامی و ناصر ہوگا۔ انشاء اللہ

ہسٹیریا

یہ ایسا مرض ہوتا ہے جس سے عورت کو دورے پڑتے ہیں اور ایسی عجیب حالت ہو جاتی ہے کہ اس کا زندہ رہنا محال بن جاتا ہے اس مرض کا ہمیشہ کیلئے خاتمہ کرنے کیلئے روزانہ صبح نہار منہ اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر صندل کے شربت کے ساتھ گھول کر پلایا جائے اور ایک عدد کو زعفران سے لکھ کر گلے یا الٹے بازو پر باندھا جائے اگر کوئی خاص افاقہ نہ ہو تو اسی نقش کو کالی سیاہی سے لکھ کر نیچے نام مریض مع والدہ لکھ کر اسے مٹی کی ہانڈی میں ڈال دے اور اس میں دریا سے صاف پانی بھر کر لائے اور اس کی ہانڈی میں جس پانی کو استعمال کیا جائے وہ اس ہانڈی کا پانی ہو مرض کا جڑ سے خاتمہ ہوگا۔ اس عمل کو شروع کرنے کے بعد پیپل کے سوکھے پتے کافی مقدار میں لائیں جائیں اور روزانہ سات پتوں پر (بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ الٓرٰ تِلۡکَ اٰیٰتُ الۡکِتٰبِ الۡمُبِیۡنِ) کو (1679) مرتبہ ان پتوں پر دم کرے اور ایک سفید رنگ کی چادر اپنے پورے جسم پر لپیٹ کر اور اپنے پہلے کپڑے اتار کر ان پتوں کو کوئلے دھکا کر رکھ کر اس کی دھونی اپنے پورے جسم کو دے اور پھر گلے یا بازو پر باندھنے والے نقش کو باندھے اللہ کے حکم سے اس مرض کا جڑ سے خاتمہ ہوگا۔ عمل کی میعاد کم از کم گیارہ دن ہے۔

استقرار حمل

اس عمل کی بدولت اللہ رب العزت نیک نیت رکھنے والوں اور اس کی عوام کو خوش رکھنے والوں کو ضرور اس نعمت سے نوازتا ہے سب سے پہلے عورت اپنے حیض و نفاس والے دنوں سے پاک ہو اور (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الٓمّٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ؕ وَالَّذِیْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلٰـكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ) کو (4094) مرتبہ دن کے کسی بھی ایک حصے میں پڑھے اور پانی پر دم کر کے آدھا خود پیئے اور آدھا اپنے شوہر کو پلائے یا اگر شوہر اس عمل کو کرے تو آدھا پانی اپنی عورت کو پلائے اس عمل کو سات دنوں تک کیا جائے پھر روزانہ اس نقش کو تازہ چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھا جائے اور اسے مصری کے شربت کے ساتھ دھو کر پیئے اور نو چندی جمعرات والے دن اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے دونوں میاں بیوی اپنے گلے میں باندھیں اور اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ جو نقش میاں اپنے گلے میں باندھیں اس کے نیچے اپنی بیوی کا نام مع والدہ لکھے اور جو نقش بیوی پہنے اس کے نیچے اپنے شوہر کا نام مع والدہ لکھے اللہ کے حکم سے حمل قائم ہوگا اور اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کی بارش برسائیگا۔ انشاء اللہ

المرا		المرا
	تلک ایت الکتب الذی انزل الیک من ربک الحق ولکن اکثر الناس لا یومنون	
المرا		المرا

مال چوروں سے محفوظ

اگر کسی کے کاروباری مقام یا گھر میں اشیاء کی چوری ہوتی ہو اور کوئی بھی اس بات کا اقرار نہ کرتا ہو تو ایک ٹکڑا سبز ریشمی کپڑا لا کر اسے لوبان کی دھونی دے اور خود اس پر (بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ الٓرٰ کِتٰبٌ اَنۡزَلۡنٰہُ اِلَیۡکَ لِتُخۡرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوۡرِ بِاِذۡنِ رَبِّہِمۡ اِلٰی صِرَاطِ الۡعَزِیۡزِ الۡحَمِیۡدِ) کو ایک ہی جلسے میں (2034) مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور جب تک پڑھنے کی تعداد ختم نہ ہو تب تک لوبان کی دھونی ختم نہ ہو پھر اس کپڑے پر کالی روشنائی سے اس نقش کو لکھے اور اسے اپنے کاروبار مقام یا گھر پر گھر کی چوکھٹ کے اوپر لگا دے اللہ کے فضل سے چوری ظاہری ہو تب بھی وہ گھر کی کسی بھی شے کو چرا نہیں سکے گا او اگر کوئی عامل اپنی کلام کے ذریعے کچھ چرانے کی کوشش کریگا تو بھی ناکام ہوگا اس کے اثرات خصوصاً چور کو باطنی طور پر اندھا بنا دیں گے جس سے وہ کسی بھی شے کو بدنیت ہوتے ہوئے دیکھ نہیں سکیگا اس عمل کی آزمائش شرط ہے جو کوئی بھی اس کی آزمائش کرنا چاہ وہ کرسکتا ہے۔

آ		ا
	کتب انزلنه الیک لتخرج الناس من الظلمت الی النور باذن ربهم الی صراط العزیز الحمید	
آ		ا

تسخیر الخلائق

دنیا میں انسانوں و جانوروں کو اپنے زیر کرنے اور ان سے جائز کاموں میں امداد حاصل کرنے کیلئے روزانہ اکتالیس دنوں تک (بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ الٓرٰ تِلۡکَ اٰیٰتُ الۡکِتٰبِ وَ قُرۡاٰنٍ مُّبِیۡنٍ) کو (2304) کو بعد نماز عشاء پڑھے اور اسے سرمہ کی ایک ڈلی پر دم کرے اس عمل کو اکتالیس دنوں تک دم کرتا جائے اور بعد اس عمل کے اس ڈلی کو کھرل میں ڈال کر سفوف کی شکل بنائے پھر بوقت ضرور اس کی ایک ایک دیا سلائی اپنی آنکھوں میں لگا کر جس کسی کے بھی روبرو جائیگا وہ عزت سے پیش آئیگا لیکن اسکے ساتھ نو چندی بدھ والے دن اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے حقیقت میں وہ تمام اس کے مسخر ہونگے۔ اس عمل کو ایسے افراد بھی کر سکتے ہیں جن کے حکام یا افسران اپنے ملازمین سے بدتمیزی کرتے ہوں اور ان کی جائز ترقی میں بھی رکاوٹیں ڈالتے ہوں اور کسی کی نصیحت کو قبول نہ کرتے ہوں اور ایسے افراد بھی جو اپنی شیطانی عادات کو ترک نہ کرتے ہوں تو ان کو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر دھو کر پلایا جائے اور ایک عدد کو گلے میں باندھا جائے تسخیر کا زبردست عمل ہے اسے کریں اور خود آزمائش کر لیں۔

کسی سے جائز کام نکلوانا

اگر کسی کو کسی سے کوئی جائز کام ہو اور انکاری کی صورت بن رہی ہو یا انکار ہو چکا ہو تو اس عمل کو کرے اللہ کے حکم سے جس کسی نے بھی انکار کیا ہو گا وہ اللہ کے حکم سے دوبارہ پھر اس کام کو کرنے کی خامی بھرے گا۔ ایک عدد سرخ ریشمی رومال لے کر اس کو صندل جلا کر اس کی دھونی اس رومال کو دے اور جب دھونی دینے والا عمل شروع کرے تو خود (بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کٓھٰیٰعٓصٓ ذِکۡرُ رَحۡمَتِ رَبِّکَ عَبۡدَہٗ زَکَرِیَّا) کو (2304) مرتبہ پڑھے جب تعداد ختم ہو جائے تو اس پر اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اس کے نیچے اپنا مختصر سا مقصد بھی لکھے اور اسے اپنے پاس رکھ کر جس سے کام ہو اس کے پاس جائے اللہ کے حکم سے وہ کبھی بھی انکار نہیں کر سکے گا دیر سویر چاہے ہی ہو جائے لیکن انکار نہیں ہو گا کوشش یہی کرنی چاہئے کہ اس عمل کو اس آدمی کے پاس جانے سے پہلے ہی کیا جائے تا کہ شک کی کوئی بنیاد نہ رہے اس عمل کو حب کے کام میں بھی استعمال کیا جا سکتا ہے مثلاً اگر دو میاں بیوی ہوں اور ان کی آپس میں صلح و اتفاق نہ ہوتا ہو تو بھی اسی عمل کو کیا جائے اور اس رومال کو دونوں میں سے کوئی بھی اپنے شوہر یا بیوی کا نام لکھ کر اپنے پاس رکھ لے۔ یا کوئی طالب جائز مقصد کی خاطر اپنے محبوب کا نام لکھ کر اسے استعمال کرے۔

کٓھٰ		یٰعٓصٓ
کٓھٰ	ذکر رحمت ربک عبدہ زکریا	یٰعٓصٓ

زیادتی دودھ

اس عمل کے ذریعے کسی کا بھی بندھا ہوا دودھ کھولا جا سکتا ہے اور گائے بھینس کے دودھ میں اضافہ کیا جا سکتا ہے اگر کسی عورت کا دودھ خشک ہو گیا ہو یا کسی نے بد اعمال کے ذریعے دودھ باندھ دیا ہو یا دوسری کوئی بھی وجہ ہو تو اس نقش کو صبح کے وقت بعد نماز فجر بعد دعا کے مصلے پر بیٹھ کر زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھے اور بکری کے پاؤ بھر دودھ میں اس پلیٹ کو رکھ دے اور اس دودھ کو اس عورت کو پلایا جائے جس کا دودھ خشک ہو گیا ہو صبح نہار منہ ضرور اس دودھ کو پیا جائے اور دن میں اگر زیادہ مرتبہ بھی اس عمل کو کیا جائے تو بہت فائدہ مند ہے اللہ کے حکم سے اس عورت کا دودھ کھل جائے گا اور بچہ خوب سیر ہو کر دودھ پئے گا پھر سات دن بعد اس عمل کو کرنے کے آٹھویں روز پھر بعد نماز فجر مصلے پر بیٹھ کر اس نقش کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھے اور نیچے اس عورت کا نام مع والدہ لکھ کر اس کے گلے میں پہنائے بچہ وماں دونوں ہی ہر قسم کی قباحت اور بد اعمال سے محفوظ ہونگے۔ اگر جانور دودھ کم دیتے ہوں تو ایک عدد پاک مٹی کا ایسا ٹھیکرا لیا جائے جس کو پانی نہ لگا ہو پھر اس ٹھیکرے پر اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھے اور اسے جانوروں کے پینے والے پانی میں ایسی احتیاط سے رکھے جہاں اس کی بے ادبی نہ ہو اور خود اس عمل کا مشاہدہ فرما لے۔

بد اثرات سے محفوظ

اگر کوئی بھی زندگی میں بد اثرات سے دوچار ہوتا ہو مثلاً جیسے بار بار نظر لگنا بنتے ہوئے کام کا اچانک بگڑ جانا اچھا بھلا چلتا ہوا کاروبار اچانک بند ہو جانا یا دکان و مکان میں خون کے چھینٹے پڑنا اور اس سے متعلق جتنے بھی دنیاوی کاموں میں بد اثرات پائے جاتے ہیں ان کا بیک وقت خاتمہ اور ان پر غلبہ حاصل کرنے کیلئے اس نقش کو ہرن کی کھال کو پاک کر کے اس پر لکھے اور اس کو عطر سے معطر کرے نو چندی جمعرات والے دن بعد نماز فجر کا ہونا چاہئے اور اس کو اپنے گلے میں باندھ لے اور ایک کو اپنے کاروباری مقام دکان یا گھر میں چاروں کونوں پر شیشے کے فریم میں کندہ کروا کر لگائے اللہ کے حکم سے زندگی میں منحوست اور بد اثرات کے اثر فوراً زائل ہونگے اور وہی ہوگا جو اللہ نے نصیب و مقدر میں لکھا ہوگا اس کے علاوہ دنیاوی کوئی بھی بد علم و عمل یا غیر انسانی مخلوق یا ایسے حاسد افراد قطعی اس فرد کی زندگی میں کوئی دخل اندازی نہیں کریں گے۔ انشاء اللہ حاسدوں و بدنظر رکھنے والے یا جن افراد کو ہر بار ایک ہی انسان کی بدنظر لگتی ہو اس کا نام مع والدہ یا کئی افراد پر ہر طرح سے غلبہ حاصل کرنے کیلئے اس نقش کے نیچے ان تمام افراد کے نام والدہ لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے دشمن سرنگوں ہونگے۔

جسمانی امراض کا خاتمہ

اس عمل و نقش کو ہر قسم کی جسمانی بیماری کے خاتمے اور شفائے کاملہ حاصل کرنے کیلئے کیا جا سکتا ہے اور اللہ رب العزت اس پاک عمل و نقش کی بدولت ضرور شفاء دیتا ہے۔ اب اگر کسی کو درد قولنج ہو تو اس نقش کو روزانہ پانچ دنوں تک چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر صبح نہار منہ گلاب کے عرق سے دھو کر پیئے اور ایک کو اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے درد قولج کا خاتمہ ہوگا۔ درد گردہ کیلئے اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے اپنے گردے کے مقام پر چپکنے والی ٹیپ کے ساتھ لگائے۔ ہول قلب اور دل کے تمام امراض کیلئے اس نقش کو سات دنوں تک سیب کے چھلکے پر کالی سیاہی سے لکھے اور اس چھلکے کو صبح نہار منہ کھائے اور اس نقش کو دو عدد زعفران سے لکھ کر ایک کو گلاب کے عرق کی بوتل میں ڈال کر اس عرق کو پیئے اور دوسرے کو اپنے دل کے مقام پر باندھے اللہ شفاء دیگا درد ناف کیلئے اس نقش کو سرسوں کے تیل میں ڈال کر اس تیل کی مالش اپنے پیٹ پر کرے اور روئی کو اسی تیل میں بھگو کر ناف کے مقام پر رکھے اللہ کے حکم سے ناف کا عارضہ ختم ہوگا۔ بعد اس مرض کے خاتمے کے اسی نقش کو سبز ریشمی کپڑے پر کالی سیاہی سے لکھے اور اسے ناف کے مقام پر باندھے یا لمبی ڈوری سے اس نقش کو ناف کے مقام پر رکھے۔

درد پسلی

اس عمل کو درد پسلی اور بچوں کے پسلی چلنے کے خاتمے کیلئے کیا جا سکتا ہے ایک عدد کالا ریشمی کپڑا آدھ گز لے کر اس پر اس نقش کو سنہری روشنائی سے لکھے اور اسے بچے کی کمر پر لپیٹے اور اس نقش کو مٹی کے کسی پیالے پر لکھ کر اس پیالے میں گلاب کا عرق ڈال کر صبح وشام اسی عرق کو پلایا جائے اللہ کے حکم سے پسلی چلنی بند ہوگی اور پسلیوں کا عارضہ ختم ہوگا اور اگر کسی کو کمر میں درد رہتی ہو تو بھی اس عمل کو ایسے ہی کیا جائے لیکن اس کے ساتھ اس بات کو ضرور یاد رکھے کہ کپڑے پر لکھے گئے نقش کی بے ادبی کسی بھی صورت میں نہ کی جائے ورنہ اللہ کے عذاب کے ساتھ ساتھ شفاء قطعی نہیں ہوگی حتیٰ الامکان یہی کوشش کی جائے کہ اس کی حفاظت کی جائے تا کہ اللہ تعالیٰ کامل صحت سے نوازے جسم میں مختلف قسم کی دردیں یا مخصوص کسی بھی درد کے خاتمے کیلئے اسی نقش کو سبز ریشمی کپڑے پر سنہری روشنائی سے لکھے اور اسے اپنے بدن کے گرد لپیٹے اور دوسرے کو گلاب کے عرق کے ساتھ پیئے اگر غسل خانے میں جانے کی حاجت ہو تو اس کپڑے کو اپنے بدن سے علیحدہ کیا جائے اور تازہ وضو کر کے پھر اس کپڑے کو باندھا جائے اللہ کے حکم سے جسمانی بیرونی واندرونی بیماریوں کا خاتمہ ہوگا۔ جوڑوں کے درد کے خاتمے کیلئے اس نقش کو سرسوں کے تیل میں ڈال کر اس تیل کی مالش کرے۔

بلڈ پریشر و شوگر

بلڈ پریشر و شوگر کے خاتمے کیلئے اس نقش کو سفید چھوٹے سے کاغذ پر زعفران سے لکھے اور اس کے نیچے مختصر سا مقصد اور اپنا نام مع والدہ لکھ کر لہسن کا ایک جوا لیکر اس کو کاٹے اور اس کے اندر اس نقش کو رکھ کر اسے صبح نہار منہ نگل جائے اس عمل کو سات دنوں تک کر کے خود اس کے اثرات دیکھ لے اگر کوئی افاقہ نہ ہو تو لہسن والے عمل کو مسلسل کرتے ہوئے اس کے ساتھ مٹی کے پیالے کے اندر اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھے اور ہر وقت اس کا پانی استعمال کرے اللہ کے حکم سے لو بلڈ پریشر ہائی بلڈ پریشر اور شوگر کا بیک وقت خاتمہ ہوگا۔ اگر کسی کے جسم میں خون کی کمی ہوگئی ہو تو وہ اس نقش کو مٹی کے کورے ٹھیکرے پر کالی سیاہی سے لکھے اور اس ٹھیکرے کو مٹی کی کنالی کے اندر درمیان میں رکھ کر اس کے گرد اپنا نام مع والدہ لکھے اور اسے پانی سے خوب بھر دے اور ہر وقت اس میں سے پانی پیا کرے اور اگر ہو سکے تو ایک عدد نقش کو زعفران سے لکھ کر اسے اپنے گلے میں بھی باندھے اللہ کے حکم سے خون کی کمی پوری ہوگی اور اس سے دیگر دوسرے امراض کا بھی خاتمہ ہوگا۔ خون سے زہر صاف کرنے اور اسے صحیح کرنے کیلئے اوپر والے عمل کو دہرایا جائے اللہ شفاء دیگا۔

دشمنان پر غلبہ

اگر کوئی مسلمان دوسروں مسلمانوں کو پریشان کرتا ہو یا دین کے خلاف پروگرام بناتا ہو تو اس نقش کے نیچے اس کا نام مع والدہ لکھ کر اسے تانبے کے پترے میں لپیٹ کر آگ کی گرمی دے اللہ اسے سچ و جھوٹ سمجھنے کی صلاحیت کے ساتھ اس پر فتح و غلبہ صاحب عمل کو عطا کریگا۔

امراض چشم

آنکھوں سے متعلق ہر بیماری کے خاتمے کیلئے اس نقش کو گلاب کے عرق کی بوتل میں ڈال کر اس کے چھینٹے اس عرق کی بے ادبی کئے بغیر اپنی آنکھوں میں لگائے اور جو پانی آنکھوں سے لگ کر جمع ہوتا جائے اسے پودوں میں ڈال دیا جائے اللہ کے حکم سے سفید موتیا کالا موتیا اور اس سے دیگر جتنے بھی امراض ہونگے ان سب کا خاتمہ یقینی ہے۔ پھر اس نقش کو زعفران سے لکھ کر نیچے اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے آنکھوں کے امراض ختم ہونگے۔

نیک عادات

اگر کوئی فرد زندگی میں شیطان کا پیروکار بن گیا ہو اور ہر مرتبہ شیانی اعمال کرتا ہو جس سے خلق خدا بہت پریشان ہو تو اس عمل کو وہ خود اپنی اصلاح کرنے یا کوئی دوسرا اس کی اصلاح کرنے کی خاطر اس عمل کو کرے اللہ کے حکم سے اس کی اصلاح ہوگی اور شیطان اس سے دور ہوگا اور اس کا دل ان کاموں سے اچاٹ ہوگا جو شیطان کر کے خوش ہوتا ہے۔ جس کی اصلاح کرنی ہو اس کے پسندیدہ پھل پر اس نقش کو اس کا نام مع والدہ لکھ کر مٹا دیا کے کم از کم تین مرتبہ لکھے او تین مرتبہ مٹائے اور جب مٹائے تو تصور اس بات کا رکھے کے جیسے میں نے اس سے یہ عمل چھپانے کیلئے اس آیت کو مٹایا ہے اے اللہ تو بھی اس سے شیطانی عادات کو مٹا دے۔

نیند آنا

اگر کسی نے بداعمال کے ذریعے خواب بندی کردی ہو جس سے نیند نہ آتی ہو اور دل بے چین ہو کر ہوا میں اڑتا ہو تو اس بدعمل کی کاٹ اور بھرپور نیند سونے کیلئے اس نقش کو چار عدد زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے ایک کو اپنی چارپائی کے ساتھ لٹکائے دوسرے کو اپنے گلے میں باندھے تیسرے کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی پئے اور چوتھے کو اپنے سامنے لگا کر اسے دیکھے بدعمل کا خاتمہ ہوگا۔

نزلہ وزکام ومختلف امورزندگی

اگر کسی کو بہت پرانا نزلہ وزکام ہو جس سے گلے میں کیرا بھی گرتا ہو تو اس نقش کو صبح نہار منہ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر اسی وقت گلاب کے عرق کے ساتھ دھو کر پیئے اور اسی عمل کو رات کو بعد نماز عشاء بھی کرے اور ایک عدد نقش کو اپنے گلے میں زعفران سے لکھ کر باندھے اللہ کے حکم سے پرانا نزلہ ختم ہوگا۔ چہرے کے امراض مثلاً چہرے پر دانوں کا کثرت سے نکلنا یا دانے نکلنے کے بعد پڑنے والے نشانات کا برقرار رہنا یا چہرے پر چیچک کے نشانات کا پایا جانا ان سب کے خاتمے کیلئے اس نقش کو مٹی کے کورے ٹھیکرے پر کالی سیاہی سے بنایا جائے اور اس پر سرسوں کا تیل ڈالا جائے اور فوراً سادی روئی لے کر جتنا تیل اس روئی پر لگ سکے لگایا جائے اور اسے اپنے چہرے کے متاثرہ حصے پر مل کر آگ پر جلائے اور اس کی دھونی اپنے چہرے کو دے چہرے کے امراض ختم ہونگے۔ دردزہ سے نجات کیلئے اسی نقش کو عورت کے پہننے والے دوپٹے پر لکھے اور اسے اس کی ناف کے مقام پر باندھے یا اگر ناف پر نہ باندھ سکے تو اسی کپڑے کو گلاب کے عرق کی بوتل میں ڈال دے اور اس عرق کو پیئے اللہ کے حکم سے دردزہ سے نجات ہوگی اور پیدائش میں آسانی ہوگی۔ اس نقش کو ایسی سیاہی سے لکھا جائے جس سے پانی میں ڈال کر یہ مٹ نہ جائے پھر اسی کو بعد پیدائش بچے کے گلے میں باندھے ماں و بچہ دونوں سلامت رہیں گے۔

ہر مقصد میں کامیابی

اس نقش کو جو کوئی بھی زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اور اس کے نیچے اپنا نام مع والدہ اور اپنا مختصر کوئی بھی مقصد لکھ کر گلے میں پہنے گا تو اللہ کے حکم سے اسے دنیاوی معاملات میں کوئی بھی پریشانی یا مصیبت نہیں آئیگی اور اس کے کام غیبی امداد کے طور پر ہونگے لیکن اس نقش کو نوچندی جمعرات کو سورج نکلنے کے ایک گھنٹے کے بعد لکھے اور اسے چاندی یا کسی اور دھات میں کندہ کروا کر اپنے گلے میں باندھے دشمن وحاسد افراد کے غلط ارداوں سے باز رہنے اور ان پر فتح حاصل کرنے کیلئے اسی نقش کو اوپر والے طریقہ کے مطابق لکھے اور اس کے نیچے دشمن کا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے الٹے بازو پر باندھے دشمن اپنے ہر برے مقصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوگا۔ دشمن کی اصلاح یا ایسے افراد کی اصلاح کرنے کیلئے جو اچانک پیار ومحبت سے منہ موڑ چکے ہوں اس نقش کے نیچے ان تمام افراد کے نام مع والدہ لکھ کر ان کے پسندیدہ مشروب میں گھول کر یہ مشروب ان افراد کو پلایا جائے جو ایسی کیفیت میں مبتلا ہوں اللہ کے حکم سے یہ دوبارہ پیار ومحبت قائم کریں گے اور پرانی دشمنی کا خاتمہ ہوگا۔ دفع بواسیر سے نجات کیلئے اس نقش کو چاندی کے پترے پر کندہ کروائے اور اسے گلاب کے عرق میں ڈال کر صبح نہار منہ اس عرق کو پیئے۔

حم		عسق
	کذلک یوحی الیک والی الذین من قبلک الله العزیز الحکیم	
حم		عسق

استقرار حمل

اگر کسی عورت کو حمل قائم نہ ہوتا ہو تو اس نقش کو صبح نہار منہ چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھے اور اسے صندل کے شربت کے ساتھ مٹا کر پیئے اور سات دن کے بعد اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اسے اپنی ناف کے مقام پر باندھے لیکن اس کی بے ادبی کسی بھی صورت نہ کرے اور اسی عمل میں زیادہ اثر پیدا کرنے کیلئے اسی نقش کو گلاب کے عرق کی بوتل میں ڈال کر اسے ڈھکن سے بند کرے اور دن کے تین حصوں میں اس عرق کو پیئے اللہ کے حکم سے حمل قائم ہوگا اس عمل کو شروع کرنے کے بعد کم از کم سات دن ہم بستری نہ کی جائے اور جب سات دن گزر جائیں تو آٹھویں روز اپنی ناف کے نقش کو بحفاظت کہیں رکھے اور پھر ہم بستری کرے بعد فراغت کے تازہ غسل کرے اور اس نقش کو باندھے اسی طرح جب بھی ہم بستری کرنی ہو اس نقش کو اتار لیا جائے اللہ کے حکم سے حمل قائم ہوگا اور اگر کوئی عورت بانجھ ہو چکی ہو تو اسی عمل کو کرے اگر کوئی عورت جادو ٹونے آسیب جنات یا سو بندی کے عمل میں گرفتار ہو چکی ہو جس سے حمل قائم نہ ہوتا ہو تو اسی عمل کو مسلسل کیا جائے اللہ تعالیٰ اس پاک کلام کی بدولت ضرور اولاد جیسی نعمت سے نوازے گا۔ اس کے علاوہ تمام خواتین اسی عمل کو اپنی اندرونی امراض کے خاتمے کیلئے اسی طرح کریں اللہ ان کو ضرور شفاء سے نوازے گا کسی بھی طور سے عمل کرنے کے بعد اپنے ناف والے نقش کو بچے کے گلے میں پہنائے۔

کینسر

اگر کسی کو کینسر ہو جائے اور اس بات کی پکی تصدیق ہو کہ مریض کا بچنا ناممکن ہے تو اللہ رب العزت کی رحمت سے ہرگز ہرگز مایوس نہ ہو بلکہ اس عمل کو ایک مرتبہ کر کے دیکھ لے کیونکہ اللہ کی بے آواز لاٹھی کی طرح اس کی رحمت بھی بے آواز ہوتی ہے اور کس طرح برستی ہے یہ وہی جانتا ہے۔ اس لئے مایوس ہونے سے بہتر اس عمل کو کر لینا ہے اس نقش کو سرخ ریشمی کپڑے پر کالی سیاہی سے لکھے اور اس کے نیچے نام مریض مع والدہ لکھے اور اسے مریض کے دل کے مقام پر چپکنے والی ٹیپ کے ساتھ لگائے اور ایک کو ایسے پانی میں ڈالے جو سرکار مدینہ ﷺ کے گنبد سے پانی بارش کی صورت میں نیچے گرتا ہو اور اسے جمع کیا گیا ہو یا اگر یہ پانی مہیا نہ ہو سکے تو آب زمزم کے پانی میں اس پانی کو ڈال کر مریض کو پلایا جائے اور جس جگہ کینسر ہو اس پانی کو اس مقام پر لگا کر اس کی ہلکی ہلکی مالش کی جائے اللہ کے حکم سے کینسر کا خاتمہ ہوگا۔ اس بات کا خیال رکھا جائے کہ پینے والے نقش کو بارہ گھنٹے کے اندر پی کر اس کاغذ کو نگلنا ہوگا اور تازہ نقش لکھ کر پھر اس پانی میں ڈال کر پینا ہوگا اسی طرح ہر بارہ گھنٹے کے بعد اس نقش کو پانی سے نکال کر نگل جائے اور تازہ نقش لکھ کر پانی میں ڈال کر اوپر بیان کئے گئے طریقہ کار کے مطابق استعمال کرے اللہ کے حکم سے کینسر کا جڑ سے خاتمہ یقینی ہے آگے شفاء دینا یا نہ دینا یہ سب کام اللہ کے ہیں انسان صرف کوشش اور محنت ہی کر سکتا ہے اور اس محنت کے عوض اسے کیا ملنا چاہیے یہ اللہ خوب جانتا ہے۔

ق ۱۹ ۱۹ ۱۹

ق ق

والقران المجید

سرسام ودیگر امراض

مرض سرسام کے مکمل خاتمے کیلئے اس نقش کو یک رنگ سیاہ مرغ سے اس صورت میں لکھے جب مریض کوئی مرد ہواور اگر کوئی مریض عورت ہوتو یک رنگ مرغی کوتازہ ذبح کرے اس کے خون سے اس نقش کو لکھے اور اسے نام مریض مع والدہ لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے اور اگر کسی کو مرگی کے دورے پڑتے ہوں تو مریض مرد و عورت دونوں میں سے دونوں کو صرف سفید رنگ کے مرغ کے خون سے لکھ کر اس کے گلے میں پہنائے اور اگر سرسام یا مرگی کے مریض کو دورے پڑتے ہوں تو اس نقش کو دریا کے پانی سے بوتل بھر کر اس بوتل میں ڈال کر رکھے اور جب دورہ پڑے تو اس پانی کے چھینٹے مریض کے منہ پر مارے مسلسل یہ عمل دونوں امراض سے بیک وقت جان چھڑوا دیگا اور اگر مریض بالکل ٹھیک ہو جائے تو میٹھا زردہ پکوا کر غریبوں یا بچوں میں ضرور تقسیم کرے تپ دق یا ٹی بی والے مریض اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اسے گلاب کے عرق کی بوتل میں ڈا کر اس عرق کو پئیں اللہ کے فضل سے دونوں امراض کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی ویسے ہی بے ہوش ہو جاتا ہو یا اسے کسی بھی مسئلے میں دورے پڑتے ہوں تو اسی نقش کو دریا سے بھری ہوئی پانی والی بوتل میں ڈال کر اپنے پاس احتیاط سے رکھے اور بوقت ضرورت اس پانی کے چھینٹے مریض کے منہ پر مارے اور ایک نقش کو اس کا نام مع والدہ لکھ کر اس کے گلے میں باندھے۔

ایک نقش کے کئی فوائد

اس نقش کے کئی فوائد ہیں جو یہاں مختصر درج ہونگے پھر جس کسی کو جو حاجت ہو وہ اس نقش کو استعمال کرے اللہ کے حکم سے جس بھی مقصد کی خاطر اس نقش کو استعمال کیا جائیگا کام سو فیصدی ہوگا۔ اگر کوئی مسافر اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے پاس حفاظت سے رکھ لے تو جیسے گھر سے سلامتی کے ساتھ جائیگا ویسے ہی واپس آئیگا اگر کسی کا نکاح نہ ہوتا ہو یا شادی بند کی ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے اور اس کے اندر لکھی گئی آیت کو بعد نماز عشاء اپنے نام کے حروف ابجد کی تعداد میں پڑھے اللہ کے حکم سے نکاح بندی کا خاتمہ ہوگا اور شادی ہوگی۔ دشمنوں پر رعب اور دبدبہ حاصل کرنے اور ان کو اپنے حق میں زیر کرنے کیلئے اس نقش کے نیچے نام دشمن مع والدہ لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے جو بھی دشمن ہوگا وہ اس فرد کے حق میں زیر ہوگا۔ لوگوں میں مقبولیت حاص کرنے کیلئے اس نقش کو چاندی کی انگشتری کے اندر لگا کر اور پر عقیق کا نگ جڑوا کر اسے اپنے ہاتھ کی سیدھے انگلی میں پہنے جو کوئی بھی دیکھے گا وہ فریفتہ ہوگا۔ حافظہ تیز کرنے کیلئے اس نقش کو صبح نہار منہ چینی کی پلیٹ پر زعفران کے ساتھ لکھ کر اسے گلاب کے عرق سے دھو کر پیئے ذھن کھلے گا اور جو کچھ بھی یاد کریگا وہ یاد رہیگا۔ اضافہ کاروبار کیلئے اس نقش کو دکان کے بالکل سامنے زعفران سے لکھ کر لگائے گاہک بہت زیادہ آئیں گے۔

چھلہ لوح قرآنی

یہ لوح قرآنی کے عمل پر مبنی ایسا روحانی پہننے والا چھلہ ہے جس سے بڑے بڑے کام سرانجام دیئے جاسکتے ہیں اور ایسی بیماریوں سے نجات حاصل کی جاسکتی ہے جو زندگی میں ناممکن بن گئی ہوں۔ لیکن ہوسکتا کہ بعض افراد کو اس چھلے کے بنانے میں کوئی مشکل و دشواری پیش آئے لیکن کچھ محنت کے عوض بہت بڑا انعام حاصل کیا جاسکتا ہے۔ ایک عدد خالص چاندی کا چھلہ ایسا بنوایا جائے جو گولائی میں اتنا بڑا اور چوڑا ضرور ہو جس پر یہ حروف چھوٹے چھوٹے تحریر ہوسکیں پھر نوچندی جمعرات کو سورج طلوع کے وقت اس کے سامنے کسی تیز دھار آلے کی مدد سے اس چھلے کے گرداگردان حروف کو لکھے اور باوضو حالت میں ہونا ضروری ہے جب حروف لکھ لئے جائیں تو اس کیلئے ایک عدد ایسی چاندی کی ڈبیا بنوائی جائے جس میں یہ چھلہ اور یہ سامان باآسانی ڈالا جاسکے پھر ہر نوچندی جمعرات کو اس چھلے کو اس ڈبیا میں پوری رات رکھے اور اگلے دن استعمال کرے سندور، لونگ، الائچی، اور دیسی عطر، ان سب اشیاء کو آپس میں ملا کر ڈبیا کے اندر رکھے اور پورا ہفتہ استعمال کرنے کے بعد اس چھلے کو اس ڈبیا میں نیا چاند دیکھ کر رکھ دے اور کوشش یہی کرے کہ نوچندی جمعرات کو اسے اپنے ہاتھ میں استعمال نہ کیا جائے بلکہ اس رات اسے اس ڈبیا میں ہونا چاہیئے دن کو اس کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اب مختلف کاموں میں ایسے استعمال کرے جیسے کوئی فرد ایسا کھیل کھیلتا ہو جو جائز ہو اور اس میں اسے ناکامی ہوتی ہو تو اس چھلے کو اپنی سیدھی انگلی میں پہنے اور اللہ سے اپنی ترقی، فتح ونصرت کی دعا مانگے اور کھیل شروع کرے اللہ کے حکم سے اس کی فتح

ہوگی۔اگر کوئی بہت زیادہ بیمار ہو تو اس چھلے کو گلاب کے عرق میں کم از کم ایک گھنٹہ رکھ دے اور انہی حروف کو مسلسل مریض کے نام کے حروف ابجد کی تعداد کے مطابق ورد کر کے اس پر دم کرے اور چھلے کو نکال کر اسے اپنی سیدھی انگلی میں پہنے اور اس عرق کو مریض کو پلائے اللہ کے حکم سے طلسماتی طور پر اور بہت جلد اس کے اثرات مرتب ہونگے اور مریض شفاء پائیگا۔درد شقیقہ سے ہمیشہ کیلئے نجات حاصل کرنے کیلئے اس چھلے کو اپنی الٹی انگلی میں پہنا جائے اور روزانہ دن کے کئی مختلف اوقات میں اس کو اپنی کنپٹیوں پر رگڑا جائے درد شقیقہ و سر درد سے مکمل نجات یقینی ہوگی۔درد زہ سے نجات کیلئے اس چھلے کو کسی کپڑے میں باندھ کر اسے عورت کی ناف پر باندھے اور قدرت الہیٰ کا نظارہ کرے کہ کیسے با آسانی پیدائش ہوتی ہے۔ناف والے امراض اور اندرونی بیماریوں کے خاتمے کیلئے اس چھلے کو روز اپنی سیدھی انگلی میں پہننے کے بعد رات کو سونے سے پہلے اسے تازہ پانی میں کچھ دیر رکھے اور سونے سے پہلے یہ پانی پی کر سو جائے اللہ کے حکم سے نہ تو ناف پڑے گی اور نہ ہی کوئی اندرونی مرض اندر رہ سکے گا بلکہ اس روحانی چھلے کی بدولت تمام قسم کے امراض جڑ سے ختم ہونگے۔اس کے علاوہ کوئی بھی فرد اس چھلے سے بہت سے کام لے سکتا ہے جادو ٹونے و سایہ آسیب کے خاتمے کیلئے اس چھلے کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی پیا جائے اور اس چھلے کو مریض کی سیدھی انگلی میں پہنایا جائے کوئی بھی جادو ٹونہ یا آسیب اپنا اثر نہیں دکھا سکیگا۔

الٓمٓ المٓصٓ الٓرٰ الٓمٓرٰ کٓھٰیٰعٓصٓ طٰهٰ طٰسٓمٓ

طٰسٓ یٰسٓ حٰمٓ قٓ نٓ

دست غیب

غیب کے ذریعے رزق آنے اور ایسے طریقے سے رزق آنے کیلئے جہاں سے انسان گمان بھی نہیں کرسکتا اس عمل کو کرے اللہ کے حکم سے جو اوپر درج کیا ہے بالکل ایسے ہی ہوگا لیکن بعض حالات میں بدنیتی طاقتور عمل کو بے کار کردیتی ہے اس لئے نیک نیتی کے ساتھ اس عمل کو کیا جائے اللہ کے حکم سے کامیابی ہی ہوگی۔ انشاءاللہ اس نقش کو نوچندی جمعرات کو اکیس مرتبہ زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اس کے نیچے اپنا نام مع والدہ اور اپنا مختصر سا مقصد لکھے پھر نوچندی جمعرات سے لے کر اگلے دس دنوں تک اسی تعداد میں نقوش کو لکھتے جائیں کل گیارہ دن بنیں گے۔ ان گیارہ دنوں کے نقوش کو موم جامے کے کسی بڑے سے ٹکڑے میں محفوظ کرے اور اس کے باہر عطر لگا کر کسی پھلدار درخت کی جڑ میں ان نقوش کو دفن کرے اور گھر آکر دوبارہ اس نقش کو دو عدد پھر زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے ایک کو اپنے کاروباری مقام یا گھر کی چوکھٹ کے اوپر لگائے اور دوسرے کو اپنے روپے رکھنے والی جگہ یا گھر میں کئے جانے والا عمل صاحب عمل اپنی جیب میں رکھے۔ اس عمل کو دکان یا گھر دونوں کیلئے کیا جاسکتا ہے اس لئے دونوں کے طریقہ کار بھی لکھ دئے ہیں۔ آزمائش شرط ہے۔

ااااا ل ل ل ل م م م م م

ا	ا	ل	م	ا
ا	م	ا	ل	ل
ل	ل	م	ا	م
م	ا	ل	م	ا

ااااا ل ل ل ل م م م م م

ہر مقصد میں کامیابی

اس نقش کے یوں تو بہت سے خواص ہیں لیکن یہاں مختصر طور سے بیان کیا جائیگا مثلاً اگر کوئی فرد زندگی میں ہر مرتبہ ناکامیاب ہوتا ہو اور منحوست کے بادل نہ چھٹتے ہوں یا کسی ایسی بیماری یا مشکل میں مبتلا ہو جس سے جان نہ چھوٹتی ہو تو ایسا فرد اس نقش کو نو چندی جمعرات والے دن طلوع آفتاب کے وقت اس کے سامنے سفید کاغذ پر زعفران سے لکھے اور اسے چاندی میں بند کروا کر اپنے گلے یا سیدھے بازو پر باندھے اور قدرت الٰہی کا نظارہ خود اپنی آنکھوں سے کر لے کہ کیسے کیسے افراد زندگی میں وسیلہ بنیں گے اور غیب سے رزق کی دولت گھر آئیگی۔ ناممکن کاموں کو ممکن بنانے اور رکاوٹوں کے خاتمے کیلئے اسی نقش کو بروز جمعہ بعد نماز جمعہ سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر چاندی میں بند کروا کر گلے میں پہنے بچوں و بڑوں کی ناجائز ضد کے خاتمے اور ان کی کامل اصلاح کرنے کیلئے ایک نقش کو ان کے گلے میں زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر ڈالا جائے اور دوسرے کو سادہ پانی میں گھول کر پلایا جائے۔

ااااا ل ل ل ل ل م م م م م ص ص ص ص ص

ا	ص	م	ل	ا	ا
ل	ل	م	ا	ص	ل
ھ	ا	م	ص	ل	ھ
ص	ص	م	ل	ا	ص

ااااا ل ل ل ل ل م م م م م ص ص ص ص ص

زن وشوہر

اگر میاں بیوی کا آپس میں سلوک و اتفاق نہ ہو اور ہر وقت بلا وجہ گھر میں جھگڑتے ہوں جس سے بچوں پر برا اثر پڑتا ہو یا دونوں ایک دوسرے سے محبت تو کرتے ہوں لیکن کوئی تیسرا ان کو جدا کرنا چاہتا ہو یا ان کا کوئی عزیز یا رشتہ دار ان کا دشمن بن گیا ہو اور ان پر غلط اعمال کرواتا ہو یا دونوں کے مزاج نہ ملتے ہوں یا کوئی دوسری ایسی کوئی وجہ ہو جو سمجھ میں بھی نہ آرہی ہو تو اس نقش کو دونوں میں سے کوئی بھی تین عدد زعفران سے سفید کاغذ پر عروج ماہ میں دن بدھ بعد نماز مغرب لکھے ایک ایک نقش کو دونوں میاں بیوی اپنے گلے میں ایک دوسرے کا نام مع والدہ لکھ کر باندھیں اور تیسرے کو صندل کے شربت کی بوتل میں ڈال دیں اور روزانہ دن کے تین حصوں میں اس شربت کو سادہ پانی میں ملا کر اس کو پئیں اور اس کے اثرات خود دیکھ لیں۔

ح ح ح م م م ع ع ع س س س ق ق ق

۸	ح	م	ع	س	ق	۴
۷	ق	ح	س	م	ع	۶
۱	ع	ق	م	ح	س	۸
۴	س	ع	ح	ق	م	۷
۶	م	س	ق	ع	ح	۱
۸	ح	م	ع	س	ق	۴

ح ح ح م م م ع ع ع س س س ق ق ق

برکت حاصل ہو

دنیاوی ہر کام میں برکت حاصل کرنے اور زیادہ سے زیادہ رزق کمانے کیلئے چاند دکھائی دینے پر جو پہلا منگل ہو اس دن بوقت سورج طلوع ایک گھنٹہ بعد اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر دو عدد لکھے نقش لکھنے سے پہلے گیارہ گیارہ مرتبہ پہلے پچھلے اوراق میں گزری آیات کو پڑھے اور اس کاغذ پر دم کر دے جس پر نقش کو بنانا ہے پھر اس نقش کو لکھ کر ایک کو اسی دن چلتے ہوئے پانی میں اس پر آٹا لگا کر مچھلی کو ڈال دے اور دوسرے کو شیشے کا فریم کروا کر اپنی دکان کی چوکھٹ کے اوپر لگائے اگر اس عمل کا کوئی واضح فرق محسوس نہ ہو تو اس عمل کو دوبارہ کیا جائے اور ایک مرتبہ نقش کو دریا میں بہانے کے بعد اس نقش کو دکان کے اوپر لگانے کی بجائے اس کو پانی میں ڈال کر اس کے چھینٹے دکان کے کونوں میں لگائے یعنی ایک مٹی کا گھڑا لے اور اس میں اس نقش کو ڈال دے اور اسے جہاں چھینٹے لگانے ہیں وہاں ایک کونے میں رکھے اللہ کے حکم سے جو اوپر لکھا ہے اس میں سو فیصدی کامیاب ہوگا۔

ا ا ا ا ل ل ل ل ر ر ر ر ر

ا	ا	ل	ر	ا
ا	ر	ا	ل	ل
ل	ل	ر	ا	ر
ر	ا	ل	ر	ا

ا ا ا ا ا ل ل ل ل ل ر ر ر ر ر

تمام کاموں کیلئے

اس نقش کو بہت سے کاموں میں ایسے ستعمال کیا جا سکتا ہے کہ اگر کوئی بلا وجہ غصہ کرتا ہو اور اس غصے میں کافی نقصان ہوتا ہو اور اس کی کوئی اصلاح نہ ہو رہی ہو تو اس نقش کو بروز جمعرات بعد نماز عصر زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اس کے نیچے اس کا نام مع والدہ لکھ کر اس کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی پلائے اور اگر ہو سکے تو ایک عدد نقش اس کے گلے میں بھی باندھے۔ شیطانی برائی سے نجات کیلئے اس نقش کو مریض کا نام مع والدہ لکھ کر اس کے گلے میں پہنائے اور دوسرے کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی پلائے ہر ضرورت پوری ہونے کیلئے اس نقش کو ایک عدد گھر میں بڑے سے سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر چوکھٹ کے اوپر لگائے اور گھر کے دوسرے افراد اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھیں اللہ کے حکم سے ان کی غیب سے مدد ہوگی اور دنیا میں کئی دوسرے نا انجان انسان وسیلہ بن جائیں گے۔

اااا ل ل ل ل م م م م ر ر ر ر

ا	ر	م	ل	ا	ا
ل	ل	م	ا	ر	ل
م	ا	م	ر	ل	م
ر	ر	م	ل	ا	ر

اااا ل ل ل ل م م م م ر ر ر ر

نقصان سے محفوظ

دنیاوی ہر نقصان سے محفوظ رہنے اور اللہ کی پناہ میں رہنے کیلئے اس نقش کے نیچے اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھے اور اگر کسی بدعلم کے ذریعے جسمانی نقصان ہو چکا ہو تو گلے میں اس نقش کو باندھنے کے ساتھ اس کو سادہ پانی میں ڈال کر اس کا پانی بھی پیئے اللہ کے حکم سے جو بھی نقصانات ہو چکے ہونگے ان کا ازالہ آئیندہ کیلئے نکلتا رہیگا۔ اگر کسی فرد کا ہر وقت نقصان در نقصان ہوتا چلا جائے اور کوئی بھی دعا یا دوا اثر نہ کرتی ہو تو اس نقش کو مریض اپنا نام مع والدہ بروز نوچندے بدھ زعفران سے سفید کاغذ پر دو مرتبہ لکھے ایک کو اپنے گلے میں باندھے اور دوسرے کو پانی میں ڈال کر اس کا صبح نہار منہ پانی پیئے اللہ کے حکم سے آئیندہ ہر قسم کے نقصان سے نجات حاصل ہوگی۔ اور کام سیدھے ہو جائیں گے۔ اگر بچے گر جاتے ہوں اور ان کو چوٹیں لگتی ہوں تو اس نقش کو گلے میں باندھے۔

ط ط ط ط س س س س م م م م م

٦	م	س	ط	٩
٤	س	ط	م	٦
٩	ط	م	س	٤
٦	م	س	ط	٩

ط ط ط ط ط س س س س م م م م م

ہر کام میں فراخی

اس نقش کو کسی بھی تنگ کام کو کھولنے نکاح بندی والے عمل کے خاتمے، اولاد بندی والے عمل کے خاتمے اور بدنظری سے نجات حاصل کرنے کیلئے اس نقش کو مریض مہینے کی کسی بھی تاریخ کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھے اور اس کے نیچے اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھے۔ جس کسی کی بھی نظر بد لگتی ہوگی یا کوئی بدعمل کروایا ہوگا اس کا اثر باطل ہوگا اور آئیندہ کیلئے اس نقش کو باندھنے کے بعد امن وامان قائم رہیگا۔ رزق کی فراخی کیلئے اس نقش کو خرچ کرنے والے روپے کے دونوں طرف کالی سیاہی سے لکھے اور اسے اپنے پاس عطر سے معطر کر کے اپنی جیب میں رکھے اور پلیدی والی حالت میں اسے اپنے آپ سے علیحدہ کرلے اور بعد غسل کے پھر رکھے غیب سے دولت آئیگی اور جیب نوٹوں سے ہر وقت بھری رہیگی۔ اولاد بندی و نکاح بندی والے مریض اس نقش کو دو عدد زعفران سے سفید کاغذ پر لکھیں ایک کو اپنے گلے میں باندھیں اور دوسرے کو سادہ پانی میں ڈال کر اس کا پانی پیئیں۔ نکاح کو کھولنے کیلئے اس نقش کو اگر لکڑی کی کنگھی پر لکھا جائے اور اسے اپنے سر پر پھیرا جائے تو نکاح جلد ہوگا۔

ط ط ط ط س س س س س

٩	ط	س	٦
٩	س	ط	٦
٩	ط	س	٦

ط ط ط ط س س س س س

حفاظت

اگر کوئی مرد و عورت شیطان کا پیروکار بن گئے ہوں اور دوسرے مسلمانوں کو زیادہ سے زیادہ پریشان کرتے ہوں جس سے ان کے حق میں لوگ بد دعا کرتے ہوں اور انہیں دکھ ہوتا ہو تو اس نقش کو ان کی اصلاح کرنے کی خاطر زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور نیچے نام مع والدہ لکھ کر اس کے گلے میں باندھے اس عمل کو ایسے افراد کیلئے بھی کیا جا سکتا ہے جو نہایت ضدی ہوں اور ان پر کسی بھی بات کا اثر نہ ہوتا ہو ایک عدد نقش کو گلے میں باندھا جائے اور دوسرے کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر پانی میں پلایا جائے جو کوئی بھی ہو گا وہ اپنی ناجائز ضد چھوڑ دے گا اور جو بات جائز ہو گی اس کو مانے گا۔ اس عمل کو ایسے بچوں کیلئے کیا جائے جو پریشان کرتے ہوں اور ایسی شرارتیں کرتے ہوں جس سے دوسرے افراد عاجز آ چکے ہوں۔ اگر کسی فرد پر منحوست کے بادل چھائے ہوں تو وہ اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے۔

ن ن ن ن ن ن ن

۵	ن	ن	ن	ن	۵
۵	ن	ن	ن	ن	۵
۵	ن	ن	ن	ن	۵
۵	ن	ن	ن	ن	۵

ن ن ن ن ن ن ن

فتح ونصرت

دنیا کے ہر کام میں فتح ونصرت حاصل کرنے اور اپنے دشمنان وحاسد افراد کو اپنے حق میں زیر کرنے کیلئے اس نقش کو مخصوص نام دشمنان وحاسدان اس نقش کے نیچے لکھے اور اس سے نیچے اپنا مختصر سا مقصد اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اللہ نے چاہا تو تمام دشمنان کا منہ کالا ہوگا اور وہ اس فرد کا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گے اس کے علاوہ دنیاوی کاموں میں ہر چھوٹی بڑی رکاوٹ کا خاتمہ ہوگا اور وہی ہوگا جو اللہ کو منظور ہوگا۔ اگر کسی فرد کو بدنظر بہت لگتی ہو تو وہ اپنے پہنے ہوئے صاف کپڑے پر اس نقش کو لکھے اور اسے اپنے گلے میں باندھے زندگی میں کبھی بدنظر کا اثر نہیں ہوگا اگر کوئی دن بدن کسی گردش میں مبتلا ہوتا ہو اور کوئی اچانک ہی بنتا ہوا کام نامکمل ہو جاتا ہو اور اس بات کی صحیح سمجھ بھی نہ آرہی ہو تو اس نقش کو اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے گلے میں باندھے۔

ص ص ص ص ص ص ص ص ص

۹	ص	ص	ص	ص	۹
۹	ص	ص	ص	ص	۹
۹	ص	ص	ص	ص	۹
۹	ص	ص	ص	ص	۹

ص ص ص ص ص ص ص ص ص

زہر خوردہ

اگر کسی نے کوئی زہریلی شے کھالی ہو جس سے زہر تمام جسم میں پھیل رہا ہو یا کوئی زہریلا جانور کاٹ لے تو اس نقش کو زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھے اور اس پر تھوڑا سا شہد لگا کر مریض کو صبح نہار منہ ضرور اور دن میں تین مرتبہ ضرور استعمال کروائے اللہ نے چاہا تو جسم میں پھیلا ہوا زہر یہ روحانی شہد چوس لے گا اور کوئی بھی ایسا نقصان نہیں ہوگا جس سے جان چلی جائے آگے مارنے اور زندگی دینے والی ذات اللہ رب العزت کی ہے انسان کو کوشش کرنا چاہئے دنیاوی تعلیم و امتحان میں کامیابی کیلئے اس نقش کو زعفران سے چینی کی پیالی کے اندر لکھے اور بادام روغن کے ساتھ مٹا کر صبح نہار منہ پی جائے اس عمل کی بدولت بند ذھن کھلے گا اور وہ کچھ بھی یاد کریگا وہ بھولے گا نہیں اس لئے امتحان میں کامیابی ہوگی لیکن اس کے ساتھ محنت ضرور کرنی چاہئے صرف عملیات کے چکر میں ہی نہیں پڑنا چاہئے۔

اولادنرینہ

اگر کسی کے ہاں صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں اور ان کو خواہش لڑکے کی ہوتو اس عمل کو کر کے اپنی کوشش کو پورا کیا جا سکتا ہے ہوتا وہی ہے جو اللہ رب العزت کو منظور ہو اس لئے دونوں میاں بیوی اس نقش کو روزانہ چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر شہد ڈال کر آدھا آدھا چاٹ لیا کریں مثلاً نقش کی ایک طرف میاں چاٹ لے اور دوسری طرف بیوی سات دنوں کے بعد اس نقش کو تین عدد زعفران سے لکھا جائے ایک کو سادہ پانی میں ڈال کر اس کا پانی کھلا استعمال ہر وقت کیا جائے اور باقی دو نقوش کو دونوں اپنے گلے میں باندھ لیں اگر اللہ کو ان کی یہ ادا پسند آ گئی تو اولاد نرینہ ضرور ہوگی۔ اس عمل کو ایسی خواتین بھی کر سکتی ہیں جو بے اولاد ہوں وہ بالکل اوپر لکھے گئے طریقہ کار کے مطابق اس عمل کو کریں اللہ کے حکم سے اگر اللہ کی طرف سے دیر ہو گی یا کسی اپنے ہی عزیز نے کوئی علم کروایا ہوگا۔ تو اللہ جلد سن لیگا۔ انشاء اللہ

ی ی ی ی س س س س س

۱	یس	یس	یس	یس	۶
۱	یس	یس	یس	یس	۶
۱	یس	یس	یس	یس	۶
۱	یس	یس	یس	یس	۶

ی ی ی ی س س س س س

وسوسوں کا خاتمہ

اگر کوئی فرد وسوسوں کی ایسی لپیٹ میں آجائے جس سے اس کا نکلنا مشکل ہو گیا ہو اور اسے دینی و دنیاوی ہر کام میں زیادہ سے زیادہ وسوسے آتے ہوں اور یہ اسی چکر میں کوئی کام بھی نہ کر سکتا ہو تو اس نقش کو بروز منگل بعد نماز عشاء زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے اپنے سیدھے بازو پر چاندی کے اندر بند کر کے پہنے اور ایک کو کسی میٹھے شربت کی بوتل میں ڈال دے اور گاہے بگاہے اس میں سے پانی ملائے بغیر اس شربت کو چمچی کی مدد سے پی لیا کرے اللہ کے حکم سے وسوسوں کا خاتمہ ہو گا اور اگر شیطان نے اپنا غلبہ جما لیا ہو گا تو وہ بھی اس کے روحانی اثرات سے باطل ہو گا اختلاج قلب والے مریض اس نقش کو شربت والے عمل کے مطابق اوپر والی تدبیر کے مطابق استعمال کریں اور ایک عدد کو اپنے دل کے مقام پر باندھیں اللہ کے حکم سے اختلاج قلب اور دل سے متعلق تمام امراض کا خاتمہ ہو گا۔

ک ک ک ھھھ ی ی ع ع ع ص ص ص

ک	ص	ع	ی	ہ	ک	۲
ھ	ی	ہ	ع	ک	ص	ک
ی	ع	ک	ہ	ص	ی	ھ
ع	ہ	ص	ک	ی	ع	ی
ص	ک	ی	ص	ع	ہ	ع
۲	ص	ع	ی	ہ	ک	ص

ک ک ک ھھھ ی ی ع ع ع ص ص ص

رسولیاں

ہر قسم کی رسولیوں کے خاتمے کیلئے اس نقش کو تازہ چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھا جائے اور اسے صبح نہار منہ گلاب کے عرق سے دھو کر پیا جائے اس کے علاوہ پچھلے صفحات میں سے لوح قرآنی والی کوئی بھی آیت اپنے مزاج کو دیکھ کر حروف ابجد کی تعداد میں سادے پانی پر دم کر کے پیئے اللہ کے اس عمل کو گیارہ روز کیا جائے اگر کوئی افاقہ محسوس ہو تو اس عمل کو اور مزید گیارہ دنوں تک کیا جائے اسی طرح سے اس روحانی و نورانی عمل کی بدولت اللہ کے حکم سے رسولیوں کا خاتمہ ضرور ہوگا بعد افاقہ کامل محسوس ہونے پر اسی نقش کے نیچے اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے گلے میں باندھے اللہ اپنا کرم ضرور فرمائیگا۔ اگر گلے کے مقام پر کوئی گلٹی یا گلہڑ بن رہا ہو یا بن گیا ہو تو اس نقش کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اسے اپنے گلے کے مقام پر باندھے اللہ نے چاہا تو ضرور اس گلٹی کا خاتمہ ہوگا۔ اس کے ساتھ اس نقش کو دھو کر پیا بھی جائے۔